سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

وراثت

جلد:3
شمارہ:4

Volume:3....No:4

VIRASAT

Designed by:Gurmeet Singh

Printed at Government Press Srinagar

VIRASAT

Quarterly Journal of Ethnic Literature

Volume:3....No:4

Editorial Staff
Mufti Shafiq-ur-Rahman
Dr. Abid Ahmad Bhat
Dr. Syed Iftikhar Ahmad
Dr. Shabnum Rafiq
Asmat Aziz

Jammu & Kashmir Academy of Art, Culture & Languages, Srinagar

سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جلد:3............شمارہ:4
(اکتوبر تا دسمبر 2024ء)

نگران

ہروِیندر کور

مجلسِ ادارت

مفتی شفیق الرحمٰن ...... اُردو
ڈاکٹر عابد احمد ...... انگریزی
ڈاکٹر سید افتخار احمد ...... کشمیری
ڈاکٹر شبنم رفیق ...... کشمیری
عصمت عزیز ...... اردو

ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر، کشمیر
جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز سرینگر

ناشر: سیکریٹری، جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

کمپیوٹر کمپوزنگ : گورمیت سنگھ

سرورق : گورمیت سنگھ

تعداد : 100

مطبع : گورنمنٹ پریس سرینگر

قیمت :

''وراثت'' میں شائع ہونے والے مضامین میں ظاہر کی گئی آراء سے اکیڈیمی کا کُلیاً یا جُزیاً متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

خط و کتابت کا پتہ

مفتی شفیق الرحمٰن خان

انچارج آفیسر ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر۔

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز لال منڈی سرینگر

موبائیل نمبر:9906842887

email: syediftikharacademy@gmail.com

پیش لفظ

وراثت کا ایک اور شمارہ اپنے قارئین کی نذر کرتے ہوئے ہمیں بے انتہاء مسرت محسوس ہو رہی ہے۔ اس شمارہ کے ساتھ ہی اس رسالے نے اپنے سفر کے تین سال مکمل کئے ہیں۔ جوں جوں اس رسالے میں چھپنے والے مضامین کی نوعیت سے ہمارے قلمکار حضرات واقف ہونے لگے ہیں۔ ہمارے پاس اردو، کشمیری اور انگریزی کے مضامین وافر مقدار میں آرہے ہیں۔ ان مضامین کی جانچ پڑتال کے بعد تحقیقی اور ترجمہ شدہ مضامین کو فوقیت دے کر وراثت شمارے کو ترتیب دیا جاتا ہے۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے تازہ شمارہ پیش کرتے ہوئے ہمیں خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

زیرِ نظر شمارے کے اردو حصّے میں ملک حیدر چاڈورہ کی تاریخِ کشمیر کے فارسی سے اردو میں ترجمے کی مسلسل دسویں قسط شاملِ اشاعت ہے۔ علاوہ ازیں سلطان العارفین حضرت شیخ حمزہ مخدومؒ کی حیات و کارناموں پر سلسلہ وار مضمون اور دیگر مضامین و مقالات بھی شمارے کی زینت کو دوبالا کر رہے ہیں۔ تحقیقی کاموں کو وسعت دینے کے لئے گمنام شاعروں کو منظرِ عام پر لانے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

اس شمارے کے کشمیری حصہ میں مسلسل غیر کشمیری زبانوں کے شہکار ادب پاروں کو کشمیری زبان میں ترجمہ کرا کے کشمیری زبان کے ادبی خزانے کو زیادہ

سے زیادہ مالا مال کرنے کی کوشش جاری ہے۔اس شمارے کی خاص بات یہ ہے کہ بنگالی ناول دیوداس کے سلسلہ وار ترجمے کی دوسری قسط کے علاوہ تلگو اور اردو کے چند افسانوں کا کشمیری ترجمہ بھی شامل ہے۔کشمیری ثقافت اور تواریخ کے حوالے سے بھی کئی مضامین بھی حاضرِ خدمت ہیں۔جن کے ذریعے کئی نئی باتیں پہلی بار سامنے آئی ہیں۔

اس شمارے کے انگریزی گوشہ میں کشمیری زبان،ادب،تواریخ اور قدرتی ثقافتی ورثہ کے متعلق کارآمد مضامین شامل کر کے کشمیر کی رنگارنگ وراثت کو آفاقیت بخشنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

اُمید کرتے ہیں کہ یہ شمارہ آپ کی علمیت اور جانکاری کے لئے بارآور ثابت ہوگا۔ہم آگے بھی آپ کے مضامین کے ساتھ ساتھ آپ کی آراء کے منتظر رہیں گے۔

مفتی شفیق الرحمٰن
انچارج آفیسر،ٹرانسلیشن ریسرچ سنیٹر کشمیر

فہرست

نمبر شمار	موضوع	مضمون نگار/مترجم	صفحہ نمبر
1	مولانا آزادؔ اور علامہ اقبال کے مشترکہ فکری رویئے	طارق مسعودی	6
2	میر سید حسین بخاری واصفؔ......ایک گمنام شاعر	سید سعد الدین سعدی	22
3	سلطان العارفینؒ......حیات اور کارنامے (قسط:۵)	محمد عبداللہ بٹ	39
4	سید غلام رسول غیور...... ندرتِ اُسلوب کا گنجِ شائیگان	شبیر احمد شبیر	52
5	تاریخ کشمیر از ملک حیدر چاڈورہ	ترجمہ کار مفتی شفیق الرحمٰن	60

طارق مسعودی

مولانا آزادؔ اور علامہ اقبال کے مشترکہ فکری رویئے

(قسط:۱)

تا تو بیدار شوی نالہ کشیدہ ورہ
عشق کاریست کہ بے آہ وفغان نیز کنند

یہ ثابت شدہ بات ہے کہ بیسویں صدی کے نصفِ اول میں متحّدہ ہندوستان نے دو نابغۂ روزگار صاحبانِ فہم وذکا پیدا کیے۔یعنی مولانا ابوالکلام آزاد اور ڈاکٹر علامہ محمد اقبال۔دونوں متین وفطین عظمت نفس سے معمور عاشقانِ حیات تھے۔قابلِ رشک انفرادی حیثیت، شناخت اور تعارف کے مالک۔بلند پایہ فراست اور جوہرِ ادارک کی نعمت سے سرفراز، تفکّر وتدبرِّ حیات کی سرمایہ داری نے ان دونوں جیّد مدبرّین کو انفس و آفاق کے مسائل ومضمرات کا شناسا اور شناور بنادیا تھا۔علوم وفنون میں یہ دونوں بلند و بالا شخصیات جہاں قامتِ سروشمشاد کی یاد دلاتے ہیں وہیں ان کی فکر ونظر کی بالیدگی نیز حسنِ فراست کی یکتائی کے سب قائل اور معترف ہیں۔تغیرّ وتعمیرِ فکر کے ان بے مثال د اعیان نے جس مثالی انداز وآہنگ کو متعارف کیا، اس کا اعتراف مسلم وغیر مسلم اربابِ علم ودانش اور قدآور اہلِ سیاست نے نہایت احترام اور فراخ دلی کے ساتھ کیا ہے۔

جہاں مولانا آزاد اپنی جلالتِ علم اور کمالات تکلّم کے نتیجے میں ''ابوالکلام''، ''امام الہند'' وغیرہ جیسے باوقار علمی مکالمات سے جانے اور پہچانے گئے وہیں علاّمہ اقبال ایک عظیم تخلیق کار اور ممتاز فلسفی و مفکّر کے تناظر میں ''شاعرِ مشرق''، ''حکیم الامّت'' وغیرہ جیسے عظیم القاب سے سرفراز ہوئے۔ اردو زبان و ادب کی تاریخ میں ان دو شخصیات نے اپنے منفرد تخیّلات اور پر شکوہ زورِ قلم کے انمٹ نقوش چھوڑے۔ ادبی اور ادبیانہ وضع داری، طرح داری، معنیٰ آفرینی اور نقد و نظر کی ایسی جداگانہ روایت قائم کی۔ جس سے نہ صرف بڑے بڑوں نے خوشہ چینی کی بلکہ ان کے جدّت اسلوب و آہنگ کے معترف رہے۔

سجاد انصاری نے ان دو بلند قامت مفکّرین، لسانی تاجداروں اور زبان و بیان کے مجتہدین کے بارے میں درست ہی کہا ہے:

''اگر قرآن اردو میں نازل ہوتا تو اس کے لئے ابوالکلام کی نثر یا اقبال کی نظم منتخب کی جاتی''۔

مولانا عبدالماجد دریابادی ابوالکلام کے بے مثل طرزِ تحریر کا تجزیہ اس طرح کرتے ہیں:

''مولانا آزاد اپنے طرزِ انشاء کے جس طرح موجد ہیں اسی طرح اس کے خاتم، تقلیدی کوشش بہتوں نے کی۔ پیروانِ غالبؔ کی طرح سب ناکام رہے۔ اقبال کے جداگانہ مقام و مرتبہ کے بارے میں رقمطراز ہیں:

''اقبال فلسفی اور شاعر، سو درویشوں کا ایک درویش''۔

ظاہر ہے کہ دونوں شخصیات کو یہ خوشگوار اختصاص حاصل ہے کہ برّصغیر کے بہت سے نامی گرامی سیاسی قائدین، علمائے دین، دانشوران اور ادباء ان کے اعلیٰ مقام ومرتبہ کے یکسان قائل تھے۔ ان میں مہاتما گاندھی، پنڈت جواہر لال نہرو، علاّمہ انور شاہ صاحب، سروجنی نائڈو، ڈاکٹر ذاکر حسین، سیّد سلیمان ندوی، خواجہ حسن نظامی ،علاّمہ نیاز فتح پوری، عبدالماجد دریا باری، مولانا سعید احمد اکبر آبادی، پروفیسر آل احمد سرور، آغا شورش کاشمیری، مولانا عبدالمجید سالک، مولانا غلام رسول مہر، خواجہ غلام السیّدین، سرتیج بہادر سپرو، علی سردار جعفری، پروفیسر جگن ناتھ آزاد، صحافی خشونت سنگھ و دیگر ممتاز و معروف شخصیات شامل ہیں۔

مولانا آزاد اور علامہ اقبال ایک جیسے ماحول کے پروردہ تھے۔ ہندوستان کی سیاسی، سماجی اور معاشی حالتِ زار کی عمومی اور مسلمانوں کے خصوصی جملہ مسائل و معاملات نے دونوں حدی خوانوں کو تادمِ آخر بے چین اور مضطرب رکھا۔ دونوں کی تعمیر و تشکیلِ فکر میں دینِ اسلام کو بنیادی اور کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہندوستانی فلسفہ وتمدّن، مغربی فلسفہ وجدید سائنس نیز یونانی فلسفہ وادبیات بھی ان کے فکری مآخذ رہے ہیں۔ دونوں اکابرین کے خیالات وافکار کا رنگ و آہنگ اگر چہ جداگانہ ہے لیکن معاملاتِ زندگی کی تفہیم وتعبیر کا غیر معمولی ادارک رکھتے تھے۔

علامہ اقبال ۱۹۳۸۔۱۸۷۷) عمر میں ابوالکلام آزاد (۱۹۵۸۔۱۸۸۸) سے دس سال بڑے تھے۔ البتہ دونوں نے بیسویں صدی کی پہلی دہائی میں سنگ سنگ خاصی مقبولیت حاصل کی۔ انجمن حمایت الاسلام لاہور کے جلسوں میں اقبال عوامی توجہّ

کے خاص مرکز ہوئے تھے۔ آزاد کلکتہ میں اپنی فصیح و بلیغ تحریروں کی وجہ سے صغرِ سنی میں ہی عوامی نیز علمی حلقوں میں مولانا کہلانے لگے۔ یہاں تک کہ مولانا الطاف حسین حالی ورطۂ حیرت میں پڑ گئے۔ آزاد ۱۹۰۴ اور ۱۹۰۶ میں لاہور میں منعقدہ انجمن حمایت الاسلام کے سالانہ جلسوں میں شامل ہوئے اور مقرّرہ موضوعات پر یادگار خطابات پیش کیے۔

اقبال الہلال کی تحریروں سے متأثر تھے۔ بقولِ مولانا غلام رسول مہر علامہ نہ صرف خود اس اخبار کے خریدار بنے بلکہ دس اور دیگر خریدار تیار کروا کے دیئے۔ اقبال کی ایک مشہور نظم ''فاطمہ بنت عبداللہ'' الہلال کے مطالعہ کی دین تھی۔ طرابلس کی جنگ میں غازیوں کو پانی پلاتی ہوئی یہ گیارہ سالہ بچی مرتبۂ شہادت کو پہنچی تھی۔ مولانا نے اس معرکے کی ساری تفصیل اس معصوم شہیدہ کی رنگین تصویر کے ساتھ الہلال میں شائع کی تھی۔

الہلال پر انگریزوں کی جانب سے پابندی لگانے کے بعد جب ابوالکلام نے البلاغ جاری کیا تو اس کے اوّلین شمارے کے سرورق پر علاّمہ اقبال کی ایک اور نظم شائع کی گئی تھی۔ جس میں عرفی کا یہ شعر بھی شامل تھا:

نوا را تلخ تر ، می زن چو ذوق نغمہ کم یابی
حدی را تیزی خواں چو محمل راہ گراں بینی

جیسا کہ تذکرہ پہلے ہو چکا ہے کہ دونوں باوقار مفکّرین کے اظہار کا اندازہ اگر چہ منفرد زبان و بیان سے مملو تھا لیکن مسائل و مشکلات کا گہرا اور جامع ادراک رکھتے

تھے۔مولانا آزاد ہندوستان کے مجموعی حالات کے پس منظر اور پیش منظر کے نتیجے میں متحدہ قومیت اور کثرت میں وحدت پر نہ صرف یقین رکھتے تھے بلکہ اس کے نمایاں ترجمان بھی تھے۔ جب کہ علاّمہ اقبال ہندوستان میں مسلم قومیت کے حامی۔آپ اورنگ زیب عالم گیر کو ہندوستان میں مسلم قومیت کے اوّلین علمبردار سمجھتے تھے۔لیکن ترانہ ہندی ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا'' سے لے کر ترانۂ ملی ''چین و عرب ہمارا، ہندوستان ہمارا، تک جیسی مقبولِ عام نظموں میں سارا اور پورا ہندوستان کسی ابہام کے بغیر علاّمہ مرحوم کی توجہّ کا مرکز اور محور رہا ہے۔مسئلۂ قومیت پر اس بحث طلب مسئلے سے قطعِ نظر دونوں معتبرینِ ملت کے بعض اکثر بلکہ اگر کہا جائے بیشتر خیالات میں ایک عالمانہ اور دانشورانہ ہم آہنگی اور یکسانیت پائی جاتی ہے۔

ابوالکلام آزاد اور علامہ اقبال دونوں کا گھریلو پس منظر مذہبی اور صوفیانہ تھا۔ مولانا کے والد مولانا خیر الدین ممتاز عالمِ دین اور زمانے کے مشہور صوفی ، ہزارہا عقیدت مندوں کے پیرومرشد۔علاّمہ کے والد شیخ نور محمّد ایک شریف، سادہ نفس اور صوفی منش انسان تھے۔دونوں گھرانے سلسلۂ عالیہ قادریہ میں بیعت تھے۔

آزاد کے بڑے بھائی غلام یاسین آہ جن کا پچیس (25) سال کی عمر میں انتقال ہوا تھا ایک شاعر، ادیب اور کہنہ مشق مترجم تھے۔ان میں پیران پیر حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ کی سوانحِ حیات سے متعلق امام حجر عسقلانیؒ کی تصنیف ''غبطة الناظر'' کا ترجمہ بھی شامل ہے۔اقبال کے بڑے بھائی عطامحمّد پیشے سے انجنیئر تھے۔علاّمہ کی نگہداشت اور تعلیم و تربیت میں ان کا خاصا کردار رہا ہے۔بلوچستان میں

دورانِ ملازمت، عطا محمّد کو ایک فرضی فوجداری مقدّمے میں ملوث کیا گیا۔ علاّمہ تشویش میں مبتلا ہوئے۔ قانونی چارہ جوئی کے علاوہ وہ ایک نظم "برگِ گل" لکھ کر خواجہ حسن نظامی صاحب کو بھیجی کہ محبوبِ الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے مزار پر پڑھی جائے۔ چنانچہ، نظم پڑھی گئی اور اس کا ایک شعر علیٰحدہ تحریر کر کے دروازے پر لٹکایا گیا:

ہند کا داتا ہے تو تیرا بڑا دربار ہے
کچھ ملے مجھ کو بھی اس دربارِ گہر بار سے

پہلے تذکرہ ہوا ہے کہ آزاد اور اقبال کا گھریلو ماحول صوفیانہ تھا۔ اولیائے کاملین سے عقیدت وارادت رکھتے تھے۔ البتہ دونوں مفکّرین ملّت کی اصلاح کے لئے ہمیشہ مضطرب رہے، اس لئے جامد، روایت پرست نیز رسومات آمیز تصوّف سے ہمیشہ متنفّر اور بیزار تھے۔ علاّمہ نے اپنی نظم ونثر میں جابجا جلیل القدر صوفیاء کی نہ صرف تعریف کی ہے بلکہ ان کی سیرت و کردار کو نہایت ہی دل نشین پیرائے میں تصوّرِ خودی کے آئینے میں پیش کرنے کی مدبّرانہ سعی کی ہے:۔

گفت دینِ عامیاں گفتم شنید
گفت دینِ عارفاں گفتم کہ دید
سیدِ ہجو یر مخدومِ امم
مرقدِ او پیرِ سنجر را حرم
شوکتِ سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود

فقرِ جنیدؒ و بایزیدؒ تیرا جمال بے نقاب

ڈاکٹر اقبال تصوّف وعرفان کو اپنا خاندانی ورثہ قرار دے کرنہایت عاجزانہ انداز میں اعتراف کرتے ہیں۔

جس گھر کا مگر چراغ ہے تو
ہے اس کا مذاق عارفانہ

اسی طرح یہ بات ذمہّ داری کے ساتھ کہی جاسکتی ہے کہ ابوالکلام کے فکری ارتقاء کی ہر منزل اور گام پر تصوّف کا رنگ واضح اور نمایاں نظر آرہا ہے۔ چنانچہ اُنہوں نے ۱۹۱۰ء میں شہید صوفی سرمد کی سیرت پر ایک کتابچہ تحریر کیا۔ اس کتابچے کی خاص بات یہ ہے کہ مولانا نے عالمگیر اور دارہ شکوہ کے درمیان نظری اور سیاسی اختلاف کو ایک باریک بین اور ہنر مند قلمکار کی طرح دیکھنے کی کاوش کی ہے۔ بقولِ علی سردار جعفری ابو الکلام آزاد کی شخصیت کے چار میدان تھے۔ صحافت، سیاست، مذہب اور ادب۔ ان چاروں پر تصوّف کا اثر غالب رہا ہے۔ بلاشبہ مولانا کی آخری زمانے تک کی تحریریں اور تقریریں اس تجزیے کی تائید کرتی ہیں۔ اس طرح بہت سے قلمکار حضرات کا یہ تأثر بالکل غلط معلوم ہورہا ہے کہ مولانا آزاد تصوّف کے شدید مخالف تھے۔ علاّمہ اقبال فارسی صوفی شعراء سے نہایت ہی متأثر تھے۔ آپ نے ان موضوع، مضامین، تشبیہات اور استعارے لئے ہیں۔ تضمین میں خوبصورت شعر کہے ہیں۔ مولانائے روم تو علاّمہ کے مرشد معنوی ہیں اور آپ نے اُن کے کلام کو نرم ونازک تر اور بے بدل پایا:

نہ اُٹھا پھر کوئی رومی عجم کے لالہ زاروں سے

وہی آپ و گل ایران وہی تبریز ہے ساقی

البتہ بالواسطہ حافظ شیرازی کے خوشہ چین بھی معلوم ہوتے ہیں۔ سر عبدالقادر کے مطابق اقبال حافظ کا یہ شعر اکثر گنگنایا کرتے تھے۔

دل می رود زدستم صاحب دلاں خدارا
در داکہ رازِ پنہاں خواہد شد آشکارا

یہ بھی درست ہے کہ اقبال خواجہ حافظ شیرازی کو امّت کے لئے شجرۂ ممنوعہ قرار دیتے ہیں۔

ہوشیار از حافظِ صہبا گسار
جامش از زہرِ اجل سرمایہ دار

دلچسپ بات یہ ہے کہ علّامہ اقبال جو جرمن شعراء اور فلاسفروں گوئٹے اور نطشے سے متاثر تھے۔ لیکن یہ دونوں مفکّرین از خود خواجہ حافظ سے بہت متأثر تھے۔ گوئٹے نے تو حافظ کی شاعری کے مشاہدے کے نتیجے میں دیوانِ مغرب تخلیق کی ہے۔ سر اقبال گوئٹے سے متأثر انگیز ہو کر دیوانِ مشرق یعنی پیامِ مشرق کو معرضِ وجود میں لائے۔

اس فکری عدمِ موافقت کے باوجود اقبال کے اس زبان زدِ عام نعتیہ شعر پر حافظ کا اثر دکھائی دے رہا ہے۔

ستیزہ کار رہا ہے ازل سے تا امروز
چراغِ مصطفوی سے شرارِ بولہبی

(اقبال)

در ایں چمن گل بے خار کس نچید آرے
چراغ مصطفوی با شرار بولہبیست

(حافظ)

صوفی شاعر امام فخرالدین عراقی کی اس مشہور غزل ''من شمع جان گدازم تو صبحِ دلکشائی'' کا یہ شعر ۔

بہ زمین چو سر نہادم ز زمین ندا برآمد
کہ مراخراب کردی توبہ سجدۂ ریائی

علاّمہ فرماتے ہیں ۔

میں جو سر بہ سجدہ ہوا کبھی تو زمین سے آنے لگی صدا
تیرا دِل ہے صنم آشنا تجھے کیا ملے گا نماز میں

اقبال اپنے پیام کو ''نغمۂ دیگراں'' کہہ گئے ہیں۔

نغمۂ من از جہانِ دیگر است
ایں جرس را کاروانِ دیگر است

مگر حضرت شیخ احمد جامؒ بہت پہلے عشّاق کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں:

احمدا تاگم نہ کردی ہوش را
کایں جرس از کاروانِ دیگر است

اسی طرح ابوالکلام آزاد کی جملہ تحریروں میں صوفی شعراء کے نغماتِ زیست

سے آراستہ و پیراستہ اشعار لبالب دکھائی دے رہے ہیں۔ غبار خاطر کی نثر کو ان اشعار کی برجستگی نے ہی اردو ادبیات میں ایک منفرد، جداگانہ، بے مثال معرکے کی تحریر بنادیا ہے۔ ڈاکٹر اقبال جہاں داراشکوہ کے مقابلے میں عالمگیر کو ترجیح دیتے ہیں لیکن ایک خوشگوار اعتدال کے ساتھ۔ چنانچہ ستمبر ۱۹۰۵ء میں جب علامہ دلی گئے تو خواجہ حسن نظامی کی معیّت میں مغل بادشاہ ہمایوں کے علاوہ داراشکوہ کے مزارت کی زیارت کی۔

ایک تعجّب خیز واقعہ جس کا حوالہ دیتے ہوئے اقبال عالمگیر کا محاکمہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بادشاہ نے دلی شہر کی طوائفوں کو ایک مقرّرہ تاریخ تک نکاح کرنے کے لئے کہا۔ مقرّرہ تاریخ کے بعد بے نکاحی طوائفوں کو دریا برد کرنے کے احکامات جاری کردیئے۔ اسی عہد میں دلی میں سلسلہ چشتیہ کے بلند پایہ ولیِ کامل حضرت مخدوم کلیم اللہ شاہجہاں آبادیؒ مسند رشد و ہدایت پر فائز تھے۔ شہر کی ایک طوائف روز آپ کی خانقاہ جاتی لیکن حضرت سے روبرو نہیں ہوتی۔ اب کی بار حاضر ہوئی۔ یہ کہتے ہوئے کہ شاہی فرمان کے نتیجے میں اب خانقاہ میں کبھی نہ آپائے گی اور سارا ماجرا گوش گزار کیا۔ حضرت نے توقّف کے بعد ارشاد فرمایا کہ جب تمہیں دریا کی طرف لے چلیں تو سب حافظ شیرازی کا یہ شعر بآ آواز بلند پڑھتی جاؤ ؎

در کوئے نیک نامی مارا گزر نہ دادند
گر تو نمے پسندی تغزیر کن قضارا

حضرت کی ہدایت کے مطابق طوائفوں نے عمل کیا اور دردناک لہجے میں سبھی نے پڑھنا شروع کیا۔ جب اورنگ زیب کے کان میں آواز پہنچی تو بے قرار ہوا۔ حکم دیا

کہ سب کو چھوڑ دو۔ یہاں اقبال واقعے کا تنقیدی جائزہ لیتے ہیں اور ایک صاحب شریعت بادشاہ کو اس شعر نے اس قدر ناتواں کر دیا کہ قوانینِ اسلام کی تعمیل کی ہمت نہ رہی۔

اسی طرح اورنگ زیب عالمگیر اور سرحد کے دین پسند حاکم اور شاعر خشحال خان خٹک کے درمیان مسلسل معرکہ آرائیوں میں علاّمہ اقبال ایک دل بستگی کے ساتھ خوشحال خان خٹک کی جوان مردی، خودداری اور عالی ہمتی کو اس طرح خراج تحسین پیش کرتے ہیں:

محبّت مجھے ان جوانوں سے ہے
ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند
مغل سے کسی طرح کمتر نہیں
کہستان کا یہ بچۂ ارجمند

مولانا غبار خاطر میں کشمکشِ حیات سے متعلّق اور متضاد لیکن متحرّک کرداروں میں ''صوفی'' کی تعریف دیگر شعراء کے سنگ سنگ علاّمہ اقبال کے اس ایک شعر کے حوالے سے اپنے مخصوص پیرائیے میں پیش کرتے ہیں جو اس مضمون کے آغاز میں پیش کیا جا چکا ہے اور یہ شعر نمایاں طور دونوں مدّبرین کے تصوّف کے ساتھ ان کی درونِ سینہ تعلّق خاطر کو نہایت خوب صورتی کے ساتھ آشکار کرتا ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ ابوالکلام مشہور صوفی شاعر اور مصنّف حضرت خواجہ فریدالدین عطّار کی ''منطق الطّیر'' کا حوالہ دیتے ہوئے قلعہ احمد نگر میں جیل کے اندر درآئی چڑیوں کی حرکات وسکنات، ان

کے رکھ رکھاؤ، برتاؤ وغیرہ کو جاذبِ نظر انداز میں پیش کرتے ہیں۔ جن میں کسی کا نام ''قلندر''، کسی کا ''موتی''، کسی کا ''ملا'' اور کسی کا نام ''صوفی'' رکھا ہے۔ چنانچہ صوفی کا کرداری خاکہ اس طرح کھینچتے ہیں:

''ٹھیک اس کے برعکس ایک اور چڑا ہے۔ تُعْرَفُ اُلْاَ شْیَآءُ بِاَ ضُدَادِ ھا''۔ جب دیکھئے اپنی حالت میں گم اور خاموش ہے ۔

کاں را کہ خبر شد، خبرش باز نیامد

بہت کیا تو کبھی کبھار ایک ہلکی سی ناتمام چوں کی آواز نکال دی اور اس ناتمام چوں کا بھی انداز لفظ وسخن کا نہیں ہوتا بلکہ ایسی آواز ہوتی، جیسے کوئی آدمی سر جھکائے اپنی حالت میں گم پڑا رہتا اور کبھی کبھی سر اُٹھا کے ''ہا'' کردیتا ہو:

تاتو بیدار شوی نالہ کشیدہ ورنہ
عشق کا ریست کہ بے آہ و فغان نیز کنند

دوسرے چڑے اس کا پیچھا کرتے رہتے ہیں، گویا اس کی کم بختی سے عاجز آگئے ہیں۔ پھر بھی اس کی زبان نہیں کھلتی۔ البتہ نگاہوں پر کان لگائے تو ان کی صدائے خاموشی بن جاسکتی ہے:

تو نظر باز نہ، ورنہ تغافل نگہ ست
تو زبان فہم نہ، ورنہ خموشی سخن ست

میں نے یہ حال دیکھا تو اس کا نام صوفی رکھ دیا۔

موقعے کی مناسبت سے تصوّف کی تعریف و تفہیم کے تعلّق سے دونوں

رہروانِ بقائے حیات کی آرء واندازپر اگر ایک نظرڈالی جائے۔شاید مناسب رہے گا۔
بعض اہلِ دانش کے یہاں تصوّف مطلق ہے **Self-Effacement** سے ۔
مولانا آزاد اس بارے میں اپنا تجزیہ ایک دلنواز پیرائے میں یوں پیش کرتے ہیں:

''اورغور کیجئے تو یہ بھی ہمارے وہم وخیال کا ایک فریب ہی ہے کہ سروسامانِ کا رہمیشہ اپنے باہر سے ڈھونڈتے رہتے ہیں۔اگر یہ پردۂ فریب ہٹا کر دیکھیں تو صاف نظر آجائے کہ وہ ہم سے باہر نہیں خود ہمارے اندر ہی موجود ہے۔عیش ومسرّت کی جن گل شگفتگیوں کو ہم چاروں طرف ڈھونڈتے ہیں اور نہیں پاتے۔ وہ ہمارے نہاں خانۂ دل کے چمن زاروں میں ہمیشہ کھلتے اور مرجھاتے رہتے ہیں۔لیکن محرومی ساری یہ ہوتی ہے کہ ہمیں چاروں طرف کی خبر ہے مگر خود اپنی خبر نہیں۔وَفِی اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ۔

کہیں تجھ کو نہ پایا ہم نے اک جہاں ڈھونڈا
پھر آخر دل میں ہی پایا، بغل ہی میں سے تو نکلا

جنگل کے مور کو کبھی باغ وچمن کی جستجو نہیں ہوئی، اس کا چمن خود اس کے بغل میں موجود رہتا ہے۔ جہاں کہیں اپنے پر کھول دے گا، ایک چمنستانِ بوقلموں کھل جائے گا:

نہ باصحرائے سرے دارم، نہ باگلزار سودائے
بہ ہر جا می روم از خویش می جوشد تماشائے!''

ایک صوفی صافی عشق ووجدان کے تناظر میں معروفتِ الٰہی سے سرفراز ہوتا

ہے اور خیر و نظر کے خصوصی انعام کا حقدار بن جاتا ہے۔علاّ مہ اقبال نے ان انعامات کی حصولیابی کے لئے مختلف اصطلاحات وضع کی ہیں:

اک دانشِ نورانی ، اک دانشِ ربّانی
ہے دانشِ برہانی حیرت کی فروانی

اقبال کے یہاں تکمیلِ خودی کے لئے لازم ہے، نفس جس کی خصوصیات میں توکّل ،فقر و استغناء جیسے صبر آزما عوام شامل ہیں۔ان صفاتِ ملکیّہ سے مزیّن کبار ہستیوں سے یہ اُمّتِ مرحومہ نہایت ہی بختاور رہی ہے۔اور حکیم الاّ مت نے جا بجا انہیں خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

بلا شبہ دونوں مفکّرین کے افکار و خیالات کی تعمیر و تشکیل میں تصوّف کا خاصا کردار رہا ہے۔

جہاں تک تصوّرِ علم کا تعلّق ہے مولانا آزاد اور علاّ مہ اقبال کے موقف میں اگر یوں کہا جائے جامع اور کامل اتفاق پایا جاتا ہے۔بغیر کسی ابہام کے یہ ایک درست بات ہے۔دونوں علمِ قدیم و جدید کے درمیان کسی تفریق کے بالکل مخالف ہیں۔ان کے مطابق علمِ زمان و مکان سے ماوراء ہوتا ہے۔علم میں تسلسل تحرّک ،امتزاج اور ارتقاء ہوتا ہے۔اس کو زمانوں کے دائرے کے اندر مقیّد نہیں کیا جاسکتا۔

مولانا آزاد کے خیال میں دورِ حاضر کے بعض دانشوروں اور ناقدین کے یہاں تصوّرِ علم میں قدیم اور جدید کی تفریق پائی جاتی ہے۔لیکن مولانا کے بقول اصل میں ایسی کوئی حقیقت نہیں ہوتی۔ بلکہ کہتے ہیں کہ علمِ قدیم میرے لئے میرے اجداد کا

چھوڑا ہوا ورثہ ہے۔ اور علمِ جدید میں، میں نے خود کے لئے راستے کی نشاندہی کی ہے۔ اس کے نت نئے رجحانات ویسے ہی میرے لئے اہم اور ضروری ہیں جیسے کہ علمِ قدیم کا ہر ایک جزء اور پہلو۔ علاّمہ اقبال کے مطابق بعض لوگ مشاہدے کی کمی کی وجہ سے علم کو زمان و مکان کے حوالے سے باہم تقسیم اور بانٹنے کے حامی ہیں۔ علاّمہ کا یہ مشہور شعر کسی تشنگی کے بغیر اس تصوّر کو صاف اور واضح کرتا ہے۔

زمانہ ایک، حیات ایک اور کائنات بھی ایک
دلیلِ کم نظری ہے، قصّۂ جدید و قدیم
وہ علم اپنے بتوں کا ہے آپ ابراہیم
کیا ہے خدا نے جس کو دِل و نظر کا ندیم

مولانا آزاد علاّمہ اقبال علم کے چاروں اساسی ذرائع (Sources) کی یکساں اہمیّت اور ان کے امتزاج پر زور دیتے ہیں البتّہ دونوں علم وحی کے کامل، جامع، ہمہ گیر اور آفاقی ہونے کے علاوہ اس کے تقدّم کے قائل ہیں۔

ظاہر ہے دونوں مفکرین عصری علم میں عقل و وجدان Intellect & Intuition کے درمیان تفریق و تقسیم کی نفی کرتے ہوئے ان کے ارتباط اور اتصال کی بات کرتے ہیں۔ دورِ جدید کے سیاسی و معاشی استحصال کے ساتھ ساتھ تہذیب و تمدّن، اخلاق و اقدار کی موجودہ شکست و ریخت کے لئے عقل وجدان، روح اور جسم، مادّیت اور روحانیت کے درمیان تقسیم و تفریق کو بنیادی علّت سمجھتے ہیں۔ دونوں دانشوروں کا خیال ہے کہ یہ اسی مفارقت کا نتیجہ ہے کہ عصرِ حاضر میں بے پناہ سائنسی

ترقّی کے باوجود انسان یا تو ترقی یافتہ یا معاشی حیوان بن کے رہ گیا ہے۔

آزاد نے بحیثیتِ وزیرِ تعلیم حکومتِ ہند مفکّرین اور فلاسفہ کی ایک عالمی کانفرنس سے مخاطب ہو کر کہا تھا:

''ستارہویں صدی کے بعد مادّیت علم کا تصوّر انتہائی اہمّیت حاصل کر گیا۔ جدید سائنس کے نقطۂ نگاہ سے ہی اب انسان کے جملہ مسائل اور تجربے پر جدید سائنسی علم اور مناہج کا اطلاق شروع ہونے لگا۔ ڈارون کو انسان کی اصل حیوانوں میں نظر آئی۔ جب کہ مارکس نے یہ موقف اختیار کیا کہ انسان کی ذہنیت مجموعی طور پر اس کے معاشی ماحول اور صورتِ حال کی دین ہے جب کہ بیسویں صدی میں فرائڈ اپنے دعوے میں یہ کہتے ہوئے ایک قدم اور آگے بڑھ گیا کہ نہ صرف انسان کا تعلّق نسلِ حیوان سے ہے بلکہ اس کی ذہنیت کا تعلّق اسی حیوانی اصل سے ہے''۔

☆☆☆

سید سعدالدین سعدیؔ

میر سید حسین بخاری واصفؔ......ایک گُمنام شاعر

تاریخی، تحریری وتقریری روایات اور تذکروں سے معلوم ہوتا ہے کہ پوری وادئ کشمیر میں کریری نام کی تین جگہیں مشہور ہیں۔ ان میں سے دو جگہیں ضلع اسلام آباد میں ہیں۔ اور تیسری جگہ ضلع بارہمولہ میں موجودہ کریری بارہمولہ مشہور ومعروف جگہ ہے۔ جس کے حوالے سے ہم بات کرنے جارہے ہیں۔ کریری بارہمولہ کو تاریخوں اور تذکروں میں مراد آباد کے نام سے بھی پہچانا جاتا ہے۔ کشمیر کے مشہور ومعروف مؤرّخ کلہن نے اپنی مشہورِ عالم تاریخ راج ترنگنی میں کریری کو اپنے زمانے کی علاقائی تقسیم کے لحاظ سے پرگنہ کروہن میں شامل بتایا ہے۔

یہ ایک مُسلّمہ تاریخی واقعہ اور حقیقت ہے کہ موجودہ کریری بارہمولہ کو ایک مرکزی اور علاقائی قصبہ کی حیثیت اُس وقت حاصل ہوئی جب آج سے لگ بھگ سات سو سال قبل مشہورِ عالم رُوحانی پیشوا اور مادرزاد ولی کامل جناب حضرت سیدّ حاجی محمد مُراد بخاریؒ نے اپنے جدّ امجد سرکارِ دوعالم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے باطنی ارشاد کے مطابق وسط ایشاء کے علاقے ''بخارا'' سے آکر کریری کی موجودہ جگہ کو شرفِ سکونت بخشا

اور پھر یہیں کے ہو کر رہ گئے۔ اسی نسبت سے کریری کو مُراد آباد کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ حضرت سیدّ حاجی محمد مراد کریریؒ کا روضۂ پُر انوار اس وقت بھی عقید تمندوں کے لئے امن وسکون کا ملجا و ماوا ی بنا ہوا ہے۔ سید امیر شاہ کریری نے حضرت سید موصوف کی شان میں کہی ہوئی ایک منقبت واقعہ کی طرف یوں اشارہ کیا ہے۔

روضہِ تُہنڈِ ے درمیانِ کریری چھُے
فأض تُہندُ ے برہمہ کشمیر چھُے
گتھ کران أندی أندی چھِ تتھ شمس و قمر
سید حاجی مُرادس عرض کرا[1]

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ حضرت سیدؒ مراد نے جس وقت زیرِ بحث کریری کے مقام پر پرورودِ مسعود فرمایا۔ اس وقت کشمیر پر مشہور ومعروف اور ہر دلعزیز حکمران سُلطان زین العابدین المعروف بڈ شاہ کی حکمرانی تھی جو اپنی گونا گوں صفات کی وجہ سے کشمیر کی تاریخ میں ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ چنانچہ بڈ شاہ کے پاس جب حضرت سیدّ محمد مُراد بُخاری کی کریری میں تشریف آوری کی خبر پہنچی اور اُن کے کشف وکرامات اور روحانی وعلمی اور ادبی خدمات کا شہرہ سُنا تو اُنہوں نے پہلے اپنے وزیر اعظم کو حضرت سیدّ کی خدمت میں بھیجا اور اس کے بعد خود بھی کریری آ کر شرفِ ملاقات حاصل کیا اور ساتھ ہی اُن کے دست مبارک پر بیعت میں شامل ہو کر دینی و دنیوی فیوض و برکات سے مُستفید ہوئے اور اسی وقت سے کریری میں نماز جمعہ قائم کرنے کا فرمان جاری فرمایا۔

---

[1] ترجمہ: یعنی اُن کا روضہ شریف کریری بارہمولہ میں واقع ہے۔ اُن کے فیوض و برکات تمام وادئ کشمیر کے عوام پر جاری ہیں اس روضۂ مبارک کے گرد آفتاب و ماہتاب روزانہ طواف کرتے نظر آتے ہیں۔

اس کے علاوہ حضرت سیدؒ کے حق میں سینکڑوں کنال زمین کی جاگیر بھی منظور کی۔

یہاں مصنّف تحفۃ المراد قدوس میر قدسیؔ نے سُلطان زین العابدین کے بجائے سلطان محمد شاہ کا نام بتایا ہے جو کہ تاریخی و تحقیقی لحاظ سے صحیح نہیں۔ جس کی تصدیق آنجہانی اوتار کرشن رہبر کی کشمیری زبان وادب کے حوالے سے لکھی گئی تاریخی کتاب سے بھی ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ ایک مسجد شریف اور ایک خانقاہ تعمیر کرنے کا حُکم دیا۔ حضرت سیدؒ مُراد نے جب وفات پائی تو سلطان زین العابدین بڈشاہ اپنے درباریوں سمیت حضرت سیدؒ مُرادؒ کی نمازِ جنازہ میں شامل ہوئے۔ تاریخ میں وفات کا سال ۸۶۱ھ ذی الحجّہ درج ہوا ہے۔ جس پر تمام موّرخین کا اتفاق ہے۔

بڈشاہ نے اپنے دور میں حضرت سیدؒ کا روضۂ پُرانوار تعمیر کرایا۔ تب سے آج تک برابر ۱۷ ذی الحجّہ کو حضرت سیدؒ کا عرسِ مُبارک عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ اس موقعہ پر وادیٔ کشمیر کے اطراف و اکناف سے سینکڑوں عقیدت مند درگاہِ سیدؒ حاجی محمد مُراد بخاری پر حاضر ہوکر شب خوانی کرتے ہیں۔ وعظ خوانی ذکر واذکار، درود و نعت ومنقبت کی محفلوں میں شامل ہوکر سکون واطمینانِ قلب حاصل کرتے ہیں۔

بہرحال حضرت سیدؒ حاجی محمد مُراد بُخاری کے سانحۂ ارتحال کے بعد بالخصوص سرزمین کریری پراُن کی اوراُن کے برادر حضرت شاہ کبیرؒ کی ذرّیت سے وقتاً فوقتاً عظیم المرتبت ساداتِ کرام، روحانی پیشوا و مُبلّغین دین، علماءِ دین، شعراء وفضلاء اور مختلف علوم وفنون کے اساتذہ معرضِ وجود میں آتے رہے جنہوں نے تبلیغِ دین کے ساتھ

ساتھ علم وادب، تہذیب وتمدّن کے میدانوں میں گراں قدر خدمات انجام دے کر کشمیر کے علمی، ادبی، دینی اور روحانی کارناموں سے نہ صرف علاقۂ کریری بلکہ برّصغیر ہندوپاک کی تاریخوں میں اپنے لئے ممتاز مقام حاصل کیا۔ جس کے لئے یہاں کی علمی ادبی دینی وروحانی تاریخیں گواہ ہیں۔ اسی ضمن میں سب سے پہلے برّصغیر ہندوپاک کی عظیم المرتبت روحانی، علمی وادبی شخصیت جناب مخدومِ جہانیاں جہانگشت سیدّ جلال الدین بخاریؒ کا نام آتا ہے۔ جنہوں نے برّصغیر ہندوپاک کی تاریخ میں ایک غیر معمولی اور ممتاز مقام حاصل کیا ہے۔ جہاں تک مخدومِ عالم، قطب الاقطاب حضرت سیدّ حسین جہان گشت بُخاری کا تعلّق ہے وہ حضرت سیدّ حاجی محمد مُرادبُخاریؒ کریری کے جدِّ امجد کی حیثیت سے بھی جانے پہچانے جاتے ہیں۔ مرحوم ومغفور حضرت سید ثناء اللہ کریری نے سُلطان العارفین مخدوم شیخ حمزہؒ کے حوالے سے اپنی ایک منقبت میں اس کا اشارہ ان اشعار میں کیا ہے

چُھس سہر وردی کبروی قادری
از کبروی چُھم رہبری
در سلسلہ فولاد چھُم
سلطانہٖ میٗانوٕ داد چھُم
دربارٕ چانیُک چھس مرید
توّت واتنُے آسم مےٚ عید
سید جلال اجداد چھُم

سلطانہٖ میٔانوٕ داد چھُم

ترجمہ: (میں سلسلہ سہروردی اور قادری کے ساتھ وابستہ ہوں اور مجھے کبروی سلسلہ کی رہبری بھی حاصل ہے۔

روحانی طور پر سلطان العارفین سے مجھے پوری طاقت حاصل ہے اور میرے سلطان العارفین یعنی عارفوں کے بادشاہ میری فریاد پر توجہ کیجئے۔

میں آپ کے دربار کا مُرید (ماننے والا ہوں) یہاں کی حاضری میرے لئے عید کی خوشی کے برابر ہے۔

سید جلال الدین جہانگشت بخاریؒ میرے جدامجد ہیں۔ میرے سُلطان یعنی شیخ حمزہ مخدومی، محبوبی وکشمیری) میری مدد کرنا اور میری فریاد سُننا۔

یہاں اس بات کا تذکرہ کرنا بیجانہ ہوگا کہ وادئ کشمیر کے بلند پایہ ولی کامل حضرت مخدوم شیخ حمزہ کشمیر کے مرشد ومربی حضرت سیدّ جمال الدین بخاریؒ مخدومِ عالم حضرت سیدّ جلال الدین جہانگشت بُخاریؒ کے فرزندارجمند تھے۔

اس طرح وادئ کشمیر کے سینکڑوں روحانی طالب علم وعقیدت مند خاندانِ بخاری سادات کی ان جیسی بُلند مرتبہ روحانی شخصیات سے بالوسطہ یا بلاواسطہ مُستفید ہوتے رہے ہیں۔

زبانوں کے کہنہ مشق شاعر حضرت بابا داوَد خاکیؒ اپنی مشہورِ زمانہ تصنیف ''وردُ المریدین'' میں اُن کے حوالے سے رقمطراز ہیں:۔

آں بخاری نسبت و سیدّجلال الدّین لقب

قطبِ عالم بودن ومخدومیش اُشہر شُد است
بہرِ اثبات نسب از روضۂ پاکِ نبیؐ
از جوابِ یا ولد مخصوص در محضرشداست
پس از انجا بہرِ ارشاد و ہدایت سوئِ ہند
ہم مرخّص زاں رسولِ اطیب واطہر شُد است

ترجمہ: - وہ یعنی سیدّ جلال الدین ساداتِ بُخاریہ کے خاندان سے تعلّق رکھتے ہیں۔اُن کا لقب جلال الدین ہے۔وہ روحانیت کے حوالے سے قطبِ عالم ہیں اور مخدومِ جہانیاں کے لقب سے بھی مشہور ومعروف ہیں۔

اُنہوں نے تمام اولیاءِ کرام کو اپنے دست بیعت سے نوازا اور اُنہوں نے اُن سے فیض بھی پایا انہوں نے اُن کو اپنے روحانی مقامات سے بھی بہرور کیا۔اسی روحانی لین دین کے سبب تمام عالمِ اسلام میں شہرت حاصل کی۔

اپنے سیّد ہونے کے ثبوت میں اُنہیں روضۂ پاک پر حاضری کے وقت سلام کے جواب میں (ولد بیٹے کے نام سے پکارنے کا شرف حاصل ہوا) یعنی جب اُنہوں نے روضۂ پاکؐ پر السّلام علیک یا جدّی کہا تو اس کے جواب میں روضۂ مبارک کے اندر سے وعلیکم السّلام یا وَلدِی اے میرے بیٹے آپ پر سلام ہو کا جواب مل گیا۔

جب سیّد حسین جلال الدین بخاری نے مدینہ شریف میں حاضر لوگوں کو کہا کہ میں سیدّ یعنی حضور پاکؐ کی اولاد ہوں۔لوگوں نے ثبوت طلب کیا۔جس پر اُنہوں نے روضۂ اقدس کے سامنے سلام عرض کیا تو جواب میں آنحضورؐ کی طرف سے یاوَلدِیّ (اے میرے بیٹے) سُن کر لوگ مطمئن ہوگئے۔اور پھر اُن کو عزّت واحترام سے نوازا۔اس واقعہ کے بعد ہی یعنی روضہّ مبارک کے اندر سے جواب سُن کر معترض لوگ مطمئن ہوگئے اور پھر اُن کو عزت واحترام سے نوازا۔اس

واقعہ کے بعد ہی پھر وہ اپنے جدّ بزرگوارؒ کے حکم سے رخصت ہوکر ہندوستان کی طرف بغرضِ تبلیغِ دین روانہ ہوئے۔

اُن کے بعد میر حمزہ البخاریؒ المعروف میر حمزہ کریریؒ کا اسمِ گرامی آتا ہے جن کا آبائی وطن کریری ہے اور وہ حضرت سید حاجی محمد مُراد بخاریؒ کی ذرّیت میں آتے ہیں اور ریاست جموں وکشمیر کی روحانی تاریخوں میں اُن کا بڑھ چڑھ کر ذکر آتا ہے اور اُن کے علمی، ادبی و روحانی کارناموں کا تفصیلی ذکر موجود ہے اور تذکرہ نگار اُن کو حضرت ایشان یعنی حضرت شیخ یعقوب صرفیؒ کے خلفاء میں شمار کرتے ہیں اور خواجہ حبیب اللہ نوشہری کے دوستوں میں شمار کئے جاتے ہیں۔ وہ حضرت میر حاجی مراد کے بعد اُن کے صحیح جانشین ثابت ہوئے جن کی رہنمائی میں سینکڑوں گمراہ ہدایت وفلاح دارین سے مُستفید ہوئے اور اُنہوں نے کشمیر کی روحانی تاریخ کے صفحوں میں ممتاز مقام حاصل کیا۔

حضرت سید امیر الدین بخاری المعروف سید امیر شاہ کریریؒ اپنی تصنیف ''بہارستان'' میں حضرت میر حمزہؒ کی علمی وادبی دنیاوی وروحانی شخصیت کا خاکہ ان مختصر الفاظ میں کھینچتے ہیں۔

از کمالاتِ میر حمزہ ببین
در کتُبہائے زندہ و دیرین
صاحبِ الکشف و الکرامت بود
تازہ گشتہ ز رفعتِ ایشان

نامِ سید مُراد عالیشان
در ریاضات و علم ربّانی
بود در عہد خویش لاثانی

ترجمہ: (میر حمزہؒ کے کمالات کونئی اور پرانی کتابوں میں دیکھ لیجئے۔ وہ صاحبِ کشف و کرامات تھے۔ ان کی عزّت کی وجہ سے سیّد مرادؒ کا نام بھی عالی شان ہو گیا۔ ریاضتوں اور مجاہدات نیز علمِ ربّانی وہ اپنے دور میں لاثانی اور بے مثال تھے)۔

میر حمزہؒ کے حوالے سے ایک مؤرّخ مسمّٰی محمد حسن بن حافظ ولی اللہ اپنی تصنیف ''تحفۂ اشرفیہ'' میں یوں رقمطراز ہیں :

لَمْ اَرَ سالِکاً مِثْلَهُ تَحْتَ قُبَّةِ السَّمَآءِ

یعنی میں نے میر حمزہ جیسا سالک آسمان کے نیچے (روئے زمین پر) نہیں دیکھا۔

میر حمزہ کریریؒ کے ساتھ ساتھ میر یوسفؒ نامی روحانی پیشوا عالم و فاضل و مُبلّغِ دین کو بھی مقتدر مشاہیر کریری میں شمار کیا گیا ہے۔ اس لئے جہاں جہاں مؤرّخینِ کرام نے میر حمزہؒ کا ذکر کیا ہے وہاں میر یوسفؒ کا ذکر بھی لازماً آیا ہے۔ کیونکہ بموجبِ تاریخ دونوں کے مرشد حضرت ایشان شیخ یعقوب صرفیؒ تھے اور دونوں ان کے علاوہ میر محمد خلیفہؒ و باباوالیؒ جیسے، بلند پایہ روحانی پیشواؤں کے ساتھ بھی سلوک و طریقت کا تعلّق رکھتے تھے۔ اور اُن کے روحانی فیوض و برکات سے مُستفید ہوتے تھے۔ ''تاریخِ اعظمی، تاریخِ کبیر و تاریخِ حسن'' جیسی مُستند تواریخ میں ان دونوں با کمال یارانِ خدا

کے مختصر حالات اور روحانی کشف و کمالات کے حوالے سے مختصر تذکرے موجود ہیں۔ مُصنّفِ تحفۃ المراد نے میر حمزہؒ و میر یوسفؒ کے مختصر حالات اپنی کتاب میں یوں بیان کئے ہیں۔

میر حمزہ کہ پور میر سعید میر یوسف زبو سعید رشید
در زمان ہردو صاحبِ ارشاد میر یوسف، بحمزہ بُد داماد
میر محمد خلیفہؒ ایشان مرشدِ شان دار شدہ ایشان
ہر دو بودند باکمال ازوی صاحبِ کشف و اہلِ حال ازوی
روز آمد خلیفہ از کشمیر باعیال و مُلازمانِ کثیر
نصف زانش بہدیہ پیش آراست نصف از بہرِ جمعِ خویش گزاشت
بہ کمال و جلال رفعت و شان ہمہ کردند دستِ بیعت شان

☆

بعد ازاں خط نوشتہ آن مسعود میر یوسف بزود آیدزود
مثلِ طائر برفت نکرد قرار شد مشرّف بدولتِ دیدار
دادہ ارشاد مرشدِ ارشد بحصولِ سعادتِ سرمد
صد درم بہرِ خرچِ راہ آں میر دادہ گردش روانہ تا کشمیر
چار درہم خرید یک پاپوش برہ چار ہفتہ شُد بے توش
باز کریری مشرّف از قدمش گشتہ مِس را طلاشُدی بدمش
بست و شش نہ بود نیز ہزار میر حمزہ بخلد کردہ قرار

پای یوسف بجائی نہادہ در جہاں داد معرفت دادہ

ماہ عمرش جو برکمال رسید چار دہ سال پسش زوال رسید

دور مزار جوارِ جد بہ کمال مقبرہ ہر دو صاحبِ اعمال

تاریخ میں درج ہے کہ میر حمزہ کریریؒ نے اپنے مرشد حضرت مولانا شیخ یعقوب صرفی المعروف بہ حضرت ایشانؒ کے روحانی، علمی اور ادبی کمالات کے حوالے سے ایک رسالہ یعنی ایک کتاب بھی تصنیف کی ہے۔ جس میں حضرت ایشان شیخ صرفیؒ کے علاوہ اُن کے خلفاء وخُدماء اور مریدان کے حالات و واقعاتِ زندگی کے بارے میں بھی لکھا ہے اور یہ رسالہ حضرت حمزہؒ کے علمی وادبی کمالات اور اُن کی روحانی زندگی کا آئینہ دار ہے۔ تاہم بدقسمتی سے اس رسالہ کا کوئی نسخہ اس وقت دستیاب نہیں ہے۔

میر حمزہ کریریؒ حضرت شیخ یعقوب صرفیؒ کے خلیفہ تھے اور سالہاں سال اُن کی صحبت سے بہت فیضیاب ہوئے۔ سلوک وتصوّف کی منزلوں سے ہمکنار ہوئے اور خطِ ارشاد بھی حاصل کیا۔

حضرت ایشان شیخ یعقوب صرفیؒ نے میر حمزہؒ کی وفات پر ایک مرثیہ نما نظم لکھی ہے۔ جس میں میر حمزہؒ کی تاریخِ وصال یوں نکالی ہے۔

سوی جنت حمزہ موکب تاختہ

عارف با للہ اِمامِ را ستبین

آلِ یاسیں سیدّ حمزہ وصل یافت

قطبِ ابرار وعزیزِ عارفین

۱۰۳۲ھ

میر حمزہؒ کا خواجہ حبیب اللہ نوشہری کے ساتھ بھی روحانی تعلّق تھا۔ اُنہوں نے خواجہ حبیب اللہ نوشہریؒ کے ساتھ ایک ملاقات کو ایک عربی رباعی میں اس طرح محفوظ کیا ہے۔

یَـامَنْ عَـجَـزَ لِسَـانُـنَـا فِـیْ التَّوصِیفِ
وَالْـعَـقْـلُ تَـحَیَّـرَ کَذَا فِـیْ التَّعْـرِیْفِ
شَـرُفَـتْ مَـنَـا زِلِـیْ بُحسْنِ الطَّلْعَتِ
تَـارَیْـخُ طُـلُـوْعِکَ بِـا لتَّشْـرِیْفِ

ترجمہ: اے وہ ذات کہ جس کی تعریف وتوصیف سے ہماری زبانیں قاصر ہیں۔ اور آپ کی تعریف کے بارے میں ہماری عقل سرگردان وحیران ہے۔ آپ کی خوبصورت جلوہ نمائی سے ہمارے درجات بلند ہو گئے۔ آپ کے جلوہ افروز ہونے کی تاریخ ''با تشریف'' ہے

میر حمزہؒ کے ساتھ ہی میر مقصود بخاریؒ ایک اہم نام قابلِ ذکر ہے۔ جنہوں نے علم وادب اور روحانیت وسلوک کے میدانوں میں قابلِ ستائش کارنامے انجام دے کر کشمیر کی تاریخ میں اپنے لئے غیر معمولی مقام بنایا۔ میر مقصود بخاریؒ صاحب نہ صرف ایک بلند پایہ روحانی پیشوا تھے۔ بلکہ علم وادب میں اُنہوں نے عربی اور فارسی زبانوں میں برجستہ کلام بھی اپنے پیچھے چھوڑا ہے جس کو دیکھ کر اُن کی عربی وفارسی دانی کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ اُنہوں نے مشہورِ عالم قصیدۂ بُردہ کا فارسی زبان میں ایک عُمدہ ترجمہ

کر کے اپنی شاعرانہ صلاحیت کا لوہا بھی منوایا ہے۔ جو کہ زبان و بیان کے لحاظ سے ایک قابلِ قدر فن پارہ ہے۔ کشمیر کی روحانی، علمی و ادبی تاریخوں میں اُن کا نام عقیدت و احترام سے لیا جاتا ہے۔

مرحوم سید عبدالجبار خاموش کریری نے ترانۂ کریری'' کے عنوان سے اپنی نظم میں ان تمام مشاہیر زمانہ کے نام ذکر کئے ہیں جنہوں نے راہِ سلوک اور علم و ادب و فن کے میدانوں میں نام کمایا ہے۔ کریری میں شعراء وفضلاء کی کثیر تعداد کے پیشِ نظر راقم نے کریری کو شاعرِ ستان کا لقب دیا ہے۔ جب کہ خاموش صاحب مرحوم نے لکھا ہے کہ۔

ز روئے بلاغت نہ ایں کریر بود
کہ دراصل شیرازِ کشمیر بود

میر حمزہؒ اور میر مقصود البخاریؒ کے بعد کریری کی جن دو شخصیات کے نام مشاہیرِ کریری کی فہرست میں آتے ہیں اُن میں میر ثناء اللہ کریری اور میر حسین واصف بُخاری قابلِ ذکر علمی و ادبی شخصتیں ہیں جنہوں نے نہ صرف کریری کی تاریخ میں اپنے لئے جگہ بنائی ہے۔ بلکہ کریری یا کشمیر سے باہر بھی اپنی گراں مایہ خدمات خصوصاً مذہبی و دینیاتی میدانوں میں اپنے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ جہاں تک ثناء اللہ کریری کا تعلّق ہے وہ ایک بُلند مرتبہ روحانی بزرگ تھے۔ اور خواب میں اپنے جدّ امجد سرکارِ دو عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے دیدار سے مشرّف ہوئے تھے۔ جس کا اظہار اور دعویٰ اُنہوں نے اپنی ایک مشہور نعتِ شریف میں یوں کیا ہے۔

یَنہٖ ہووتھم ماہِ تابان تنہٖ چُھس پھلواہ گوٚمُت

بنہٕ نا جلواہ دُبارٕ یا شفیع المذنبینؐ

میر ثناءاللہ کریری صاحبؒ دراصل ایک میر واعظ بھی تھے۔اُنہوں نے عربی و فارسی زبانیں جاننے کے باوجود قرآن و حدیث میں موجود کئی قصص اور واقعات کی ترجمانی اپنی مادری زبان کشمیری میں مثنویوں کی شکل میں کی ہے۔جن میں سے ان کی مثنوی ''احوال الآخرت'' کو بہت شہرت و مقبولیت حاصل ہوئی اور آجتک اس کے درجنوں ایڈیشن شائع ہوتے آئے ہیں۔مثنوی احوال الاٰخرت کے علاوہ قصہٗ ضروان، قصہٗ سبا،قصہٗ یہود اور قطروس اور قصہٗ توبہ ان کی مشہور مثنویاں ہیں۔

میر ثناءاللہ کریریؒ کو یہ شرف حاصل ہے کہ وہ کشمیری شعروادب کی تاریخ میں ایک گراں قدر نعت گو کی حیثیت سے جانے پہچانے جاتے ہیں۔خصوصاً اُن کی ایک صبحگاہی دُعا:

ہاواٖو واتکھنا توتے بیٚتہٕ ڈاف ترٛاُوتھ مصطفیٰؐ

کو آج تک خطہٗ جموں وکشمیر کی مساجد میں ایک نمایاں مقبولیت حاصل ہے اور یہ دعائے صبح میں مستقل طور پر شامل ہے۔کشمیری زبان وادب کے مایہ ناز بُنیادی مؤرّخ عبدالاحد آزاد اپنی معرکتہ الاٰراءتصنیف ''کشمیری زبان وشاعری'' میں ثناءاللہ صاحب کی نعتیہ شاعری کے حوالے سے انہیں ان الفاظ میں خراج عقیدت ادا کرتے ہیں۔''ثناءاللہ کریری کی نعتیہ نظمیں لاجواب ہیں جواب تک ذوق وشوق سے پڑھی جاتی ہیں۔اوراسی جذبے سے نہ جانے کتنے عرصے تک پڑھی جائیں گی''۔

''ایک ایک لفظ گواہی دیتا ہے کہ شاعر کے دل میں عشقِ محمدیؐ کے جذبات

لہریں مار رہے ہیں''۔

خلعت الھنو د اور آئینۂ عقولِ عوام میر حسین واصف بخاری کی دو تصنیفوں کا نام ہے جو اُنہوں نے عربی و فارسی نثر و نظم کی صورت میں لکھی ہیں۔

جہاں تک میر سید حسین واصف بخاری کا تعلق ہے۔ وہ میر ثناء اللہ کریری کے بھانجے لگتے تھے۔ دین اور علم و ادب ان کا خاندانی ماحول تھا۔ ابتدائی تعلیم و تربیت گھر میں ہی ہوئی۔ خصوصاً اپنے ماموں جان ثناء اللہ کریری کی رہبری و رہنمائی میں بالغ ہوئے۔ بچپن سے ہی بڑے ذہین قابل اور حاضر جواب تھے۔ قوتِ حافظہ میں بھی ممتاز تھے۔ ان دنوں بھوپال (ہندوستان) میں مشہورِ زمانہ دارالعلوم بھوپال برصغیر ہندو پاک میں ایک اہم دینی مرکز کی حیثیت سے معروف و مشہور تھا۔ واصف صاحب کو بھی اسی دارالعلوم میں بغرضِ تکمیلِ علوم دین داخلہ ملا۔ چونکہ خداداد علمی و ادبی قابلیت سے فیضیاب تھے۔ اس لئے بہت کم وقت میں دینی علوم میں غیر معمولی مہارت حاصل کی۔ آپ عربی، فارسی اور کشمیری زبانوں میں نثر و نظم کے میدانوں میں طبع آزمائی کرتے تھے۔ آغاز میں ہی ''خلعۃ الھنو د'' جیسی معرکۃ الآراء تصنیف لکھ کر علمی و ادبی حلقوں میں اپنا لوہا منوالیا۔ علاوہ ازیں اُنہوں نے کشمیری زبان کے ایک مقتدر نعت و منقبت گو شاعر کی حیثیت سے بھی کشمیری ادب کی تاریخ میں اپنے لئے ایک مخصوص مقام حاصل کیا۔ تصوّف کے میدان میں اُن کی ایک اور تصنیف ''آئینۂ عقولِ عوام'' مشہور و معروف ہے اور منقبت وغیرہ اصناف میں فنی اعتبار سے بہت عمدہ کلام تخلیق کر کے علم و ادب کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں۔

میرے بچپن کے زمانے کی بات ہے کہ میں اپنے خاندانی ماحول کے مطابق نماز پڑھنے کے لئے ایک مقامی اور آبائی مسجد یعنی مسجدِ جامع معروف بہ خانقاہِ مُرادیہ میں جاتا تھا ہمارا محلّہ زیارتِ حضرت سید محمد مُراد بُخاریؒ کے متّصل پڑتا تھا۔ جہاں ساداتِ بُخاریہ کی اس وقت بھی اکثریت آباد ہے۔ اور جہاں آج تک صدیوں سے وعظ وتبلیغ، ذکر واذکار، درۂ دونعت اور مناقب کی مجالس ومحفلوں کا انعقاد صبح وشام کے اوقات میں معمول کے مطابق جاری وساری ہے۔ اوراس وقت بھی متبرّک ایاّم یعنی ماہِ رمضان، عیدین، میلادالنبیﷺ، شبِ برأت، شبِ معراج، شبِ قدر اور مختلف مواقع پر دینی محفلیں منعقد کی جاتی ہیں۔ میں ان محفلوں میں شامل ہوکر ذہنی وقلبی فرحت ومسرّت سے فیضیاب ہوتا تھا۔ اِن محافل ومجالس میں عام طور پر آجکل بھی تبلیغ وذکر واذکار کے ساتھ ساتھ نعت ومناقب کی روح پرور محفلوں کا اہتمام ہوتا ہے۔ آجکل بھی قصبۂ کریری کی مساجد میں عربی، فارسی، اردو اور کشمیری زبانوں میں ایک خاص انداز میں چیدہ چیدہ عربی، فارسی، اردو اور کشمیری نعوت ومناجات خوانی ذوق وشوق اور کمالِ آداب وعقیدت سے ہوتی ہے۔ جہاں سے عقیدت مندوں کو ایک گونہ روحانی امن و سکون میسرّ ہوتا ہے۔ اس کی بنیادی اور اہم وجہ یہ ہے کہ کشمیری مسلمانوں کی اکثریت حنفیہ مسلک سے تعلّق رکھتی ہیں اور اُن کا راسخ عقیدہ فارسی زبان میں کہی گئی اس مشہور رباعی کا مصداق ہے۔

بندۂ پرور دگارم اُمّتِ احمد نبیﷺ
دوستدارِ چار یارم تابہ اولادِ علیؓ

مذہبِ حنفیہ دارم مِلت حضرت خلیلؑ
خاکپائے غوثِ اعظمؓ زیر سایہ ہر ولی

اُن ہی دنوں کی بات ہے کہ کریری کی مسجدِ جامع یعنی خانقاہِ مُرادیہ میں منعقد ہونے والی ہر دینی و مذہبی تقریب کے آغاز میں توبہ کے حوالے سے ایک بہت ہی متأثر کُن مناجات پڑھی جاتی تھی۔ جس کو سُن کر میں بہت ہی متأثر ہوتا تھا۔ یہ مناجات سُنتے ہی مجھ پر ایک خاص قسم کی کیفیت منکشف ہوتی تھی اور دُنیا و آخرت کا ایک نقشہ میری آنکھوں کے سامنے منعکس ہوتا تھا۔ جس کو آجکل بھی میں سُن کر یا پڑھ کر ایک گونہ روحانی کیفیت کے سمندر میں ڈوب جاتا ہوں۔ دراصل یہ کشمیری مناجات کریری کے ایک مشہور و معروف دینی عالم، روحانی پیشوا عالم و فاضل، شاعر و ادیب جناب میر سید حسین المعروف واصفؔ بخاریؒ کی طبع زاد مناجات ہے جو کہ عربی، فارسی و کشمیری زبانوں کا ملا جُلا ایک نہایت ہی شاندار فن پارہ ہے اور یہ مناجات ان اشعار سے شروع ہوتی ہے۔

پادشاہا بند گی کُرہٕ نہ زانہہ
فَاعْفُ عَنِّی کُلَّ ذَنبِ یَا اِلٰہ
عمر سأرٕے راوٕرم افسوٗس آہ
فَاعْفُ عَنِّی کُلَّ ذَنبِ یَا اِلٰہ
در جوأنی کارِ شیطانی کوٗرُم
نفس کأفِر دٕہنہٕ کِس گنجس پھوٗرُم

گوم غالب غفلت و نیسان سبحٰاہ
فَاعْفُ عَنِّی کُلَّ ذَنبٍ یَا اِلٰہ

آخر پر واصفؔ بخاری اپنے نام یعنی حسینؔ کے ساتھ مقطع یوں درج کرتے ہیں۔

توبہ کردم توبہ کردم یا غفور در ندامت روئے زردم یاغفور
سوئے تو آمد حسینؔ عذر خواہ فَاعْفُ عِنِّی کُلَّ ذَنْبٍ یَااِلٰہ

جہاں تک میر سید حسین واصف بخاری کی ہمہ جہت شخصیت کا تعلق ہے اس سلسلے میں راقم اُن کی حیات اور اُن کی ادبی اور دینی خدمات کے حوالے سے الگ سے ایک کتاب کی ترتیب و تالیف میں لگا ہوا ہے اور ان شاء اللہ عنقریب اُن کے تفصیلی حالات اور علم و ادبی میدان میں اُن کی خدمات کو منظرِ عام پر لا کر تحقیق کے میدان میں وابستہ ادباء و محققین کے لئے تشفی کا سامان فراہم کیا جائے گا۔ فی الحال جہاں تک میں نے واصفؔ بخاری کا دستیاب کلام دیکھا اور اپنا ایک جائزہ پیش کیا۔ اس سلسلے میں راقم وثوق کے ساتھ دعویٰ کرتا ہے کہ مُرادآباد کریری کے باغِ مُراد کا یہ بُلبُل اپنے اعلیٰ پایہ کی عربی، فارسی، اردو اور کشمیری زبانوں کی نثری و نظمی نگارشات کی بدولت کشمیر کی علمی، ادبی و روحانی تاریخوں میں صفِ اول کے شہسواروں میں جگہ حاصل کرنے کا حقدار ہے اور علامہ اقبالؒ کے اس شعر کا مصداق بننے کے لائق ہے۔

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

☆☆

محمد عبداللہ بٹ

سلطان العارفینؒ......حیات اور کارنامے

(قسط:۵)

مرشد کی ضرورت

چونکہ راہِ سلوک میں سالک کے لئے شیخِ کامل کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ تاکہ اس کے راستہ کا رفیق بنے اور اس کو اونچ نیچ سمجھاتا رہے۔

چنانچہ حق تعالیٰ شانہٗ نے فرمایا ہے:

یَآ اَیُّھَا الّذِیْنَ اٰمَنُوْا اتَّقُوا اللّٰہَ و اُبتغُوْا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ۔

"اے ایمان والو! تقویٰ اختیار کرو اور اللہ تعالیٰ کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔ اور جنابِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم فرماتے ہیں:

اِنَّ اَصْحِابِیْ کَالنُّجُوْمِ فَبِاَ یِّھِمُ اقْتَدَ یْتُمُ اِھْتَدَیتُمْ

"میرے صحابی ستاروں کے مثل ہیں تم ان میں سے جس کی بھی پیروی کرو گے راستہ پالو گے۔

اس سے معلوم ہوا کہ راہ یابی کے لئے کسی اہلِ حق کو مُقتدا جاننا ضروری ہے

تاکہ اس کی پیروی سے منزلِ مقصود تک رسائی حاصل ہو۔امامِ غزالیؒ نے احیاء العلوم میں جنابِ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے روایت کیا ہے کہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

اِنَّ الشَّیْخَ فِیْ جَمَاعَتِہٖ کَالنَّبِیِّ فِیْ اُمّتِہٖ ۔

''شیخ اپنی جماعت میں ایسا ہے جیسا نبی اپنی اُمت میں''

اس کا مطلب یہی ہے کہ شیخِ کامل نائب بن کر نبوّت کی خدمت انجام دیتا ہے اور اپنی جماعت کو راہِ حق دکھاتا ہے۔اور گمراہی سے ڈراتا رہتا ہے۔اور اس طرح پر انبیاء کی طرح لوگوں کی نجات کا وسیلہ بنتا ہے۔

حضرت خواجہ اسحاق قاریؒ نے چلچلۃ العارفین میں لکھا ہے۔:

''زیرا کہ بعضی شیخانِ مکّار کہ در دِل حُبِّ دنیا و در ظاہر آراستہ بجبّہ و دستار و بقول و گفتار اند پس از انہا احتراز باید کرد زیرا کہ از ان کس راہدایت نبود۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلّم ''مَنْ لَا شَیْخَ لَہٗ فَشَیْخُہٗ الشّیْطَانُ'' مراد پیر ناقص است زیرا کہ چوں پیر ناقص باشد مربّیِ او شیطان است شخصے کہ مطلق بے پیر باشد او نیز شیطان است و تابعِ ابلیس است ......''

(چلچلۃ العارفین۔ص:41)

یعنی چونکہ اکثر شیخان مکّار ہیں اور دنیا کی طمع میں پوری طرح گرفتار ہوئے ہیں۔ظاہری صورت میں جبّہ و دستار سے آراستہ ہیں۔ان لوگوں سے دور رہنا اور اپنے آپ کو بچانا بہتر ہے کیونکہ ان سے ہدایت کا ملنا مشکل ہے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے

فرمایا کہ مَنْ لَّا شَیْخَ لَہٗ فَشَیْخُہٗ الشَّیطَانُ۔جس کا کوئی رہبر و مرشد نہیں ہے تو اس کا رہبر شیطان ہے یہاں اس سے مراد پیرِ ناقص ہے اور جو مطلقاً بے پیر ہوگا وہ بھی شیطانی افعال کا مرتکب ہوگا۔

(اس سے معلوم ہوا کہ بہتیروں نے راہ یابی میں دھوکہ کھایا اور قابلِ اتباع شیخ کی تلاش میں کوتاہی کی بدولت انسان صورت شیطان کے پیچھے لگ گئے جس کی شرمندگی قیامت کے دن اُٹھانی پڑے گی اور اس وقت ندامت سے بجز پریشانی وافسوس کے کچھ نفع نہیں ہوگا)

''شیخ وہ ہے جو امراضِ باطنہ، اخلاقِ رزیلہ وحمیدہ سے پوری طرح واقفیت رکھے اور ان میں آپس کے التباس اور ان کے خواص وتأثّرات کو پہچانے اور ان کے حصول وازالہ کی تدبیر پر مہارتِ تامّہ رکھتا ہو۔وہ اخلاق کے عروج ونزول سے واقف ہوکر نیز خواطرِ نفسانی وشیطانی،ملکوتی وربّانی سے پوری واقفیت رکھتا ہو کہ ان خطرات کے درمیان تمیز کر سکے۔اس لئے شیخ کا صاحبِ کشف اور صاحبِ ذوق اور مجتہد ہونا ضروری ہے اگر طریق کو محض کتبِ تصوّف دیکھ کر یا لوگوں سے سن کر حاصل کیا ہو اور تربیت کرنے کے لئے بیٹھ گیا ہو تو وہ مرید کے لئے مہلک ہے اس لئے کہ وہ طالبِ سالک کے حالات ،واردات اور تغیرِ حالات کو نہیں سمجھتا جس کو ابن عربیؒ نے شیخ کی علامات میں اجمالاً و اختصاراً بیان فرمایا ہے کہ شیخ کامل کی پہچان اجمالاً تین چیزیں ہیں۔

(1) دین انبیاء کا سا۔(2) تدبیر اطبّاء کی سی۔(3) سیاست بادشاہوں کی سی۔جن کی تفصیل یہ ہے۔

(1) بقدرِ ضرورت دین کا علم ہونا خواہ تحصیلِ علم سے یا صحبت علماءِ محققین سے۔

(2) کسی شیخ کامل صحیح السلسلہ سے مجاز ہو۔

(3) خود متقی پرہیزگار ہو یعنی ارتکابِ کبائر سے اور صغائر پر اصرار سے بچتا ہو۔

(4) کافی مدت تک شیخ کی خدمت میں مستفیض ہوا ہو خواہ بمکاتبت (خط و کتابت سے) خواہ مجالست و ہم نشینی سے۔

(5) اہل فہم و علم اس کو اچھا سمجھتے ہوں اور اس کی طرف رجوع کرتے ہوں۔

(6) اس کی صحبت سے آخرت کی رغبت، محبتِ الٰہی میں اضافہ اور دُنیا سے نفرت محسوس ہوتی ہو۔

(7) اس کے مریدین میں سے اکثر کی حالت شریعت کے مطابق ہو۔

(8) اس میں حرص و طمع نہ ہو۔

(9) خود بھی ذاکر و شاغل ہو۔

(10) مریدین کو آزاد نہ چھوڑے بلکہ جب کوئی ان کی نامناسب بات دیکھے یا معتبر ذریعے سے معلوم ہو تو روک ٹوک کرے اور ہر ایک کو اس کے مطابق سیاست کرے۔ ہر ایک کو ایک لکڑی سے نہ ہانکے۔ جس میں یہ علامات پائی جائیں وہ شخص اس قابل ہے کہ اس کو شیخ بنایا جائے اور اس کو اکسیرِ اعظم سمجھے اور اس کی زیارت و خدمت کو کبریتِ احمر جانے۔ تارکِ کسب ہونے کو ہرگز نہ دیکھے کہ اس کا ہونا شیخ کامل کے لئے ضروری نہیں ہے''[1]

---

[1] شریعت و تصوّف از مسیح الامّۃ حضرت مولانا شاہ مسیح اللہ خانؒ، ص: 30-31)

بابا فریدؒ فرماتے ہیں۔

گرا ہوائے ایں سفر داری دلا دامنِ رہبر بگیرو پس بیا

بے رفیقے ہر کہ شد دراہِ عشق عمر بگذشت و نشد آگاہِ عشق

یعنی اے دل اگر اس سفر کی خواہش ہے تو رہبر کا دامن پکڑ کر چلو کیونکہ جو بھی عشق کی راہ میں بغیر رفیق کے چلا اس کی عمر گزر گئی اور وہ عشق سے آگاہ نہ ہوا۔

مولانا رومیؒ نے مثنوی میں لکھا ہے۔

پیر باشد نرد بانے آسمان

تیر پراں از کہ باشد از کماں

ترجمہ: پیر آسمان تک یعنی خالقِ افلاک تک رسائی کی سیڑھی ہے اور تیر کس سے اُڑتا ہے؟ کمان سے پس طالب و مرید کے لئے مرشد (متبعِ سنّت) سیڑھی بھی ہے اور کمان بھی ہے۔

اور کہا:

قال را بگذار صاحبِ حال شو پیشِ مردِ کاملے پامال شو

خالی باتوں کو چھوڑ دو صاحبِ حال بن جاؤ اور وہ مقام حاصل کرنے کے لئے کسی مردِ کامل (شیخِ کامل) کی جوتیاں سیدھی کرنی پڑیں گی۔

☆☆☆

حضرت مخدوم صاحبؒ اور ملاقاتِ مرشد

چونکہ حضرت مخدوم رحمۃ اللہ علیہ مادرزاد ولی تھے۔ اور بچپن سے ہی اللہ تعالیٰ نے آپؒ کی تربیت کا انتظام کیا تھا۔ رجال الغیب ہر وقت آپؒ کے پاس تشریف فرما ہوتے تھے۔ پند و نصائح سے بھی نوازتے تھے اور ذکر و اشغال کی تربیت بھی کرتے تھے۔ حضرت مخدومؒ خود فرماتے ہیں کہ:

''کبھی کبھی کسی پیغمبر، رسول یا ولی کو خواب میں دیکھ لیتا اور کوئی مجھے ان کا تعارف کراتے ہوئے تلقین کرتا کہ فلاں پیغمبر یا فلاں ولی ہیں خداوندِ کریم نے ان کی روحِ مقدّس کو تم سے اس لئے ملایا ہے کہ تم جو کچھ ان سے سنو گے اسے حرزِ جان بنا کر اس کے مطابق عمل کرتے رہنا''۔

کبھی کوئی بزرگ ارشاد فرماتا کہ ''فلاں سورۃ کو اتنے ہزار یا اتنے سو بار اتنی مدّت کے لئے پڑھ لینا چاہیے جس کا فلاں نتیجہ برآمد ہوگا۔ میں نہایت ہی ذوق و شوق سے اس حکم کی تعمیل کرتا اور وقتِ مقررہ پر ان نتائج کا مشاہدہ کرتا جن کے بارے میں قبل از وقت ہی نشاندہی کی گئی ہوتی![1]

حضرت مخدوم صاحبؒ فرماتے ہیں کہ میں اکثر و بیشتر اللہ تعالیٰ سے دُعائیں کرتا تھا کہ اے اللہ میری ہدایت و رہبری کے لئے کسی ایسے پیرِ روشن ضمیر کو بھیج دے جو سچے طور پر آپ سے واصل ہو اور آپ کی رضامندی سے بہرہ اندوز ہو چکا ہو یہاں تک کہ حضرت سید جمال الدین بخاریؒ کی تشریف آوری سرینگر میں ہوئی۔ آپ نے پائین شہر خانقاہِ احمد یتو ملک شاہ صاحب میں نزولِ اجلال فرمایا۔

---

[1]: دستور السالکین۔ ص: 63

ادھر خواب میں مجھ سے کسی نے فرمایا کہ:

خداوند کریم نے وسائل و وسائط میں بے شمار فوائد و خواص مضمر رکھے ہیں چنانچہ جنگل اور بیابانوں کے درخت میوہ نہیں دیتے اور کہیں کوئی درخت بار آور ہوتا بھی ہے تو اس کا پھل بدمزہ ہوتا ہے۔ اس کے برعکس باغوں میں اُگائے گئے درخت باغبان کی نگرانی اور آبیاری کی وجہ سے شیرین ولذیذ میووں سے لد جاتے ہیں۔

بالکل اسی طرح طرح سالکِ واصل، مجذوبِ واصل سے زیادہ باکمال ہوتا ہے۔ مجذوبِ واصل بانجھ عورت کی مانند ہے، جو کچھ نہیں جنتی اور اس کی پیروی نہیں کی جاسکتی!

مردِ مجذوب کو اگر تجلّیاتِ رحمانی اور جذبۂ حق سے بھی سرشار و سرفراز کیا جائے پھر بھی اس قابل نہیں کہ کسی کی راہنمائی کرے۔ کیونکہ اس کی تربیت کسی مردِ کامل کے ہاتھوں نہیں ہوئی ہوتی ہے۔

ایسی ہی نصائح سے مجھے تیار کیا گیا کہ میں کسی مردِ کامل کی دامن گیری کروں۔ تیاریٔ ذہن کے بعد صاف ارشاد ہوا کہ:

''حمزا! تمہیں اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرنا چاہیے کہ اس نے تمہاری رہنمائی کے لئے پیرِ روشن ضمیر حضرت سید جمال الدین بخاریؒ کو اس شہر میں پہنچایا جو آج کل خانقاہِ احمد یتو میں مقیم ہیں ان کی خدمت میں جا کر کسبِ فیض کرنا چاہیے اور بیعت کے بعد ارشادات پر عمل کرنا چاہیے۔

صبح طلوع ہوئی۔ میں مردِ حق آگاہ کے دیدار کے لئے بے تابی سے خانقاہ کی

طرف دوڑ پڑا۔ اندر جا کے موصوفِ محترم کو محوِ خواب دیکھا۔ میں تھوڑی دیر ٹھہر کر واپس پلٹا۔ دوسرے روز پھر چلا گیا اور دروازے کے پاس ہی دائیں طرف اس طرح فوراً آ بیٹھا کہ کسی نے بھی میرا پیچیدہ پاؤں نہ دیکھا مرشد نے آنکھیں کھول دیں اور گھور گھور کر مجھے دیکھ کر فرمانے لگے۔

''پیشتر بیا و بالا بنشین کہ بیگانہ وار مباش کہ حق سبحانہ وتعالیٰ مرا امشب احوالِ تو از وقتِ زادن باز بلکہ ازان پیشتر و پیچیدگیٔ پا یتو و ریاضت و وظائف خواندن ونیتِ اینجا آمدنِ تو مہ ذرّہ ذرّہ روشن گردانیدہ و ترا برایِ تربیت بمن حوالہ ساخت و من ترا بفرزندی قبول کردم میباید کہ حالا بیگانہ وار نباشی و در خدمت و اطاعت مداومت نمائی۔ پس سبدی از نان و گوسفند بریان کردہ شدہ قنوج رسیدہ بود و اہلِ مجلس بخوشی خوب خود خوردہ بودند آنحضرت بدستِ مبارکِ خود نان و پارۂ گوشت باین فقیر عطا نمودند و من بہ نیازِ تمام بدست گرفتم و در خاطر گذرانیدم کہ اینجا در ینوقت کسی دیگری چیزی نمی خورد و من تنہا چگونہ خورم نیکو ایں بود کہ در زاویۂ خود بردہ میخورم آنحضرت بکشفِ قلوبی معلوم کردہ فرمودند کہ تردّد مکن اہلِ انجمن ہمہ نصیبِ خود خوردند تو این دوناں اینجا بخور و دونان دیگر بدہم آنرا در حجرۂ خود بفراغتِ خاطر بخور پس آنروز طاقیہ بابرکتِ خود از سرِ مبارک خود فرود آوردہ مرا عنایت کردند و مشرّف و سرفراز ساختند و فرمودند کہ این طاقیہ بر سر نہادہ چند روز بخلوت باش و استخارہ کن تا چہ بینی بعد ازاں بیا''[1]

---

[1]: مطبوعہ دستور السالکین۔ ص:66

قریب ہو جاؤ۔ بیگانہ مت بنو۔ خداوند کریم نے آج رات تمہارے سارے حالات مجھ پر منکشف فرمائے۔ یہاں تک کہ تمہاری کیفیت اور پائے پیچیدہ سے بھی آگاہ فرمایا۔ تمہیں میری سپردگی میں دیا گیا ہے۔ اور ہم نے تمہیں اپنا بیٹا بنالیا ہے۔ اطاعت وخدمت پر کمر بستہ ہو جاؤ۔ لگاتار محنت کرو اور استقامت سے کام لو۔

پیر بزرگوار کی خدمت میں روٹیاں اور گوشت لایا گیا تھا۔ مجھے بھی اس میں سے کچھ عطا کیا گیا۔ میں نے اہلِ مجلس سے شرم محسوس کر کے اپنی قیام گاہ پر کھانے کا دل میں ارادہ ہی کیا کہ مرشدِ برحق فرمانے لگے۔

''نہیں ہمارے سامنے ہی کھاؤ۔ یہاں تو سب لوگ کھا چکے ہیں۔ ہم تمہیں اور دو روٹیاں دیں گے، جا کر قیام گاہ پر کھالینا!

اس کے بعد اپنی کلاہِ مقدس (ٹوپی) میرے سر پر رکھ دی اور فرمایا:

''یہ ٹوپی پہن کر چند دِن خلوت نشین ہو جاؤ اور نتیجۂ استخارہ سے مطلع کرو''۔

خداوند کریم نے ریاضت کی بدولت، جو کچھ مجھے دکھایا، میں نے اپنے پیرِ بزرگوار کو اس کی اطلاع دی۔ وہ بہت ہی خوش ہوئے اور مجھے باضابطہ اپنی تربیت میں لے لیا۔ ذکرِ خفی اور چہار ضرب کی تلقین فرما کر ارشاد فرمایا:

''یہ ذکر خدائے برتر تک پہنچنے کا بہترین اور مختصر ترین ذریعہ ہے۔ اس پر ہمیشہ لگے رہو۔ ہم ان تمام اذکار کی تلقین کریں گے جو مشائخِ کرام سے ہم تک لگاتار و مسلسل بذریعۂ تعلیم پہنچے ہیں''۔

میں نے سخت محنت و ریاضت سے کام لیا۔ بیداریٔ شب میرا معمول بن گیا۔

مجھے وردِ اعظم جو سورۂ یسٰین اور دوسرے اوراد پر مشتمل ہے کی تعلیم دی گئی۔ علاوہ ازیں حرزِ مونسِ اولیاء وغیرہ وظائف کی تلقین کی گئی اس کے ساتھ ساتھ حکم دیا گیا کہ بیعت سے قبل جن اوراد کو میں نے وظیفہ بنایا تھا انہیں چھوڑ دوں!''۔

بہرحال رہبرِ اقدسؒ چھ مہینے میری مکمل تربیت فرماتے رہے۔ میں مشاہدات وانوار اور واقعات واحوال سے انہیں باخبر رکھتا اور وہ مزید ارشادات سے نوازتے رہے۔

ایک روز ملاّ حسرت کابری ''جو علاقۂ بانگیل کے قاضی'' تھے۔ سے سلسلہ نامہ تحریر کرا کے مجھے عنایت فرمایا۔ ساتھ ہی ارشاد ہوا کہ ''جو امانت مشائخِ کرام کی طرف سے مجھ تک پہنچی تھی، تمہیں اس کا حق دار جان کر سپرد کی۔ تمہیں اجازت دی جاتی ہے کہ اگر کوئی طالبِ صادق تمہارے پاس آئے تو اس کی رہبری کرتے رہنا''۔

میں نے عرض کیا:

''اے رہبرِ محترم! میری کیا بساط کہ کوئی میرے پاس طلبِ ہدایت کے لئے آئے!''

فرمایا!

''مجھے خداوند کریم کے فضل وکرم اور اس سلسلۂ عالیہ کے بلند ہمت پاکبازوں کی ہمت سے اُمید ہے کہ بڑے بڑے رئیس، سردار تمہارے دروازے پر منتظرِ ہدایت رہا کریں گے!''

عرض کیا!

''ارشاد فرمائیے اگر کوئی طالب میرے پاس آجائے تو کیسے جان سکوں گا کہ مخلص کون ہے اور کون نہیں''۔

فرمایا!

''بہانہ تراشی نہ کرو۔ اگر ہم تم میں صلاحیت و قابلیت نہ دیکھتے تو، تمہیں یہ اعزاز نہ بخشتے، ہم ہر وقت تمہاری مدد کریں گے''۔

اس کے بعد رخصت کرتے ہوئے فرمایا:

''جاؤ میں نے تمہیں اور تمہارے دین کو خدائے لاشریک کے سپرد کیا''۔

یہ سُن کر خادموں نے مبارک باد دی۔

اس زمانہ میں کشمیر میں فتنۂ تبرّ ائے صحابہ کرامؓ (نعوذ باللہ عنھا)) زوروں پر تھا کوئی بھی شخص حضرت سید جمال الدینؒ کی خدمتِ اقدس میں طلبِ ہدایت کے لئے نہ آیا۔ اس لئے یہاں کی کور ذوقی اور بدخمیری سے دل برداشتہ ہو کر اُنہوں نے رختِ سفر باندھ لیا۔

میں نے عرض کیا:

''اے پیرِ روشن ضمیر! اگر آپ رخصت ہوں گے تو مجھے بھی اپنے خادموں کے ساتھ ہم رکابی کا شرف بخشیں، کیونکہ ؎

بے تو اے آرامِ جانم زندگانی مشکلست
بے تماشائے جمالت زندگانی مشکلست

(یعنی اے میری جان کو راحت پہچانے والے محبوب! آپ کے بغیر اور آپ

کے حسن و جمال کا نظارہ کرنے کے بغیر میری زندگی مشکل اور درد بھری ہوگی)

آپ نے فرمایا!

''اے بابا! سفر کافی ہے سفر کے لئے ایسا قوی دِل اور مضبوط جسم والا ہونا چاہیے جو اپنے کو کفر ہائے سفر سے بچا سکے۔ تمہارے لئے سفر کرنا نہ سازگار ہے اور نہ اس کی کوئی ضرورت ہے، کیونکہ ہم جہاں کہیں بھی ہوں گے، تمہارے ساتھ ہی ہوں گے ۔

گر در یمنی چو بامنی پیش منی

در پیش منی چو بے منی در یمنی

(اگر تم یمن میں ہوگے مگر میری یاد کرتے رہوگے، تو گویا میرے ساتھ ہی ہوگے، ورنہ اگر میرے ساتھ ہوگے مگر مجھ سے بے نیاز ہوگے تو گویا یمن میں ہوگے)

ہمارے ساتھ تمہاری باطنی صحبت، ظاہری ہم نشینی سے زیادہ مفید ہے۔ میں نے جن اوراد و وظائف کی تلقین کی ہے استقامت سے اُن پر کاربند رہوگے۔ ان شاء اللہ ترقیات و کمالات سے بہرہ ور ہو جاؤ گے ۔

نیست پایا نے بہ درگاہِ الہٰ

ہر کہ افزوں رفت، افزوں یافت راہ

(اللہ کی بارگاہِ عظمت کی کوئی انتہا نہیں، جو جتنا آگے بڑھا اس نے، اتنا ہی آگے کو راستہ بھی پایا)

یہ فرما کر مجھ سے رخصت ہوئے اور مجھے خداوند کریم کے سپرد کر کے خود سفر پر

روانہ ہوئے، پیرِ کاملؒ نے باطنی کمالات اور انوار و فیوض کے متعلّق جو پیشن گوئیاں فرمائی تھیں، عنایتِ ربّانی سے اُن کا برابر مشاہدہ کرتا آیا ہوں۔[1]

☆☆☆

[1] مطبوعہ دستورالسالکین۔ص:64 تا 68)

شبیر احمد شبیر

سید غلام رسول غیور......نُدرَتِ اُسلوب کا گنجِ شائیگان

یِکُلِّ فَنٍّ رِجَالٌ کے مُسلمہ اصول کی رو سے کوئی بھی انسان کمال کی حد تک کسی ایک ہی فن میں مہارت کا اظہار کر سکتا ہے۔مگر ہر فن مولا مقولے کے تفہیمی آیئنے میں کبھی کبھار اِس مسلّمہ اصول میں بدلاؤ کا مُشاہدہ بھی ہوتا رہا ہے۔ایسے ہر مشاہدے کو منطقی سطح پر استثنائی صورت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔اس طرح کی استثنائی صورتوں میں کوئی یا کئی افراد یا ایسے بھی دیکھنے کو ملتے ہیں جو مختلف فنون میں یکساں اور کامل مہارت کے حامل ہوتے ہیں۔

ہر فن مولا کا یہ خاص اعزاز اور انفرادی اکرام دراصل بارگاہِ ایزدی سے وَدیعت شُدہ وہ بیش قیمتی عطیہ ہے جس کی اہمیت وافادیت مولانا جلال الدین رومیؒ نے مثنوی کے دو مصرعوں میں یوں بیان فرمائی ہے۔ے

دادِ اورا قابلیت شرط نیست بلکہ شرط قابلیت دادِ اوست

آج کی پُر وقار محفل کا انعقاد ایک ایسے ہی استثنائی فرد کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لئے ہوا ہے جس کی شخصیت نے بارگاہِ خداوندی سے کثیر الوصف ملکہ پا کر

جامع الفنون ہونے کا اعزاز حاصل کیا۔خدائی عطیہ سے مُشرّف ہوکرکئی فنون میں بقدرِ استعداد دسترس عیاں کرنے والی اس استثنائی شخصیت کا نام سید غلام رسول اور تخلص غیوّر تھا۔جنوبی کشمیر کے پلوامہ ضلع سے مُلحق قصبہ رتنی پورہ میں متولّد سید غلام رسول غیوّر کے کئی منشور و منظوم مجموعات اُن کی فنکارانہ گونا گونی کے دستاویزی ثبوت ہیں۔غیوّر کے کئی تحریری نمونوں سے قصبہءِ رتنی پورہ کی دیرینہ تاریخ میں سُنہری باب کی حیثیت سے شامل اُن کے گوہرِ نُمہ خاندانی علم اور فہم وفراست کی تابندگی کا واضح احساس جھلکتا ہے۔موروثی علم اور فہم وفراست سے مُستفید ہوکر غلام رسول اپنے نام سے تخلّص کی پیوستگی کے تناظر میں بار ہا اسمِ بامسمّٰی ہونے کی دلیلیں پیش کرتے رہے۔ولادت سے انتقال تک کے مختصر عرصہءِ حیات میں شائع ہونے والی غیوّر کی کچھ علمی تحریرات اور ادبی تخلیقات اس طرح کئی دلائل کی آئینہ دار ہیں۔سیدّ غلام رسول غیوّر کی ادیبانہ صلاحیتوں کا اعتراف جن مشاہیر اور مقتدر ادبی شخصیات نے کیا ہے اُن میں حکیم منظور، رحمان راؔہی، محمد یوسف ٹینگ، جاوید قدوس، غلام نبی خیاؔل، رفیق راؔز، محمد زمان آزردہ، شبیب رضوی، مرغوب بانہاؔلی، مظفر ایرج، شفق سوپوری، غلام نبی آتؔش، نذیر آزاد، ظریف احمد ظریفؔ، ستیش ومل، بشیر احمد نحوی اور غلام نبی حلیم قابلِ ذکر ہیں۔سید محمد اشرف اندرابی جیسے باکمال عالم اور شوکت حسین کینگ جیسے مُسلم تاریخ دان بھی غیوّر کی علمی اور ادبی صلاحیتوں سے متأثر رہے ہیں۔

سیدّ غلام رسول غیوّر علمی، ادبی اور خطابی تینوں اقسام کے اسالیب سے روشناس تھے۔سہ قسمی اسالیب پر دسترس وقدرت کی بدولت غیور کی شخصیت کئی جہات

پر محیط تھی۔غیوّر کا وجود معلّمانہ صلاحیت سے بھی معمور تھا اور خطیبانہ لہجہ بھی اُن کا خاصہ بن گیا تھا۔ یہ دونوں اوصاف وسیع اور گہرے مطالعہ سے مشروط ہیں۔ ایسے میں غیوّر کی کتب بینی کا شوق و اشتغال بھی امر بدیہی کے طور پر عیاں ہوجاتا ہے۔غیوّر کے اندرونی وجود پر ضیاء بار خورشیدِ علم کا اثر اُن کے بیرونی وجود پر بھی آشکار تھا۔تحریری مَلکے کے متوازی غیوّر تقریری نیرنگیوں سے بھی آراستہ تھے۔تقریر کی یہ نیرنگیاں مرحوم حکیم منظور کی علمی اور باوقار ادبی مجالس میں اظہار پاتی تھیں۔ اس طلسماتی اظہار کے دوران غیوّر کا بیانی انداز دیدنی ہوتا تھا۔غیوّر کی محفلِ آرائی اور محفل کو اپنی جانب مائل کرنے کا گُن بھی قابلِ تذکرہ ہے۔

غیوّر دانشور بھی تھے اور صحافی بھی، بیک وقت ادیب بھی تھے اور شاعر بھی۔ غیوّر کی نثری تخلیقات میں موضوعات کا انتخاب اور اُن کی بقدرِ ظرف تشریح وتفسیر اور شاعرانہ سوغات میں خیال بندی کئی مقامات پر توجہ طلب ہونے کا عندیہ دیتی ہے۔ غیوّر کے شاعرانہ اسلوب میں میری رائے معروف ومقتدر شاعر اور نامور تنقید نگار حامد کشمیری کے اس خیال سے متفّق ہے کہ غیوّر کی شاعری میں متعدّد اشعار خودرو ہیں اور مطلوبہ تراشیدگی سے محروم ہیں۔مگر جن اشعار میں شعری لوازمات کی پاسداری ملتی ہے وہ شعری تجربے کی تہہ داری کا احساس دِلاتی ہیں۔

غیوّر کی ذولسانی شاعری جہاں مادری زبان سے غیور کی والہانہ محبت کا برملا اظہار ہے وہیں اردو زبان کی اہمیّت کا اعتراف بھی ہے۔دونوں زبانوں کا شعری اثاثہ غیوّر کی تخیلی زرخیزیت کی نشاندہی کرتا ہے۔اپنی شعری تخلیقات کو شائع کرنے کے تئیں

غیوّر نے حیاتی دور میں لا اُبالیت کا مظاہرہ کیا ہے۔ بقولِ شبیب رضوی ''غیوّر اپنی زندگی میں بحیثیتِ شاعر اپنے کو نمایاں نہ کر سکے۔ تساہل پسندی اور فرصت کی کمی تھی یا پھر شرمیلا پن اور بے اعتمادی مجھے معلوم نہیں'' غیوّر صاحب کے اس لا اُبالی پن کا بوجھ اُن کے فرزندِ ارجمند شوکت غیوّر کے شانوں پر پڑا۔ شوکت غیوّر نے فرزندانہ ذمہّ داریوں سے عہدہ برآ ہو کر سیدّ غلام رسول غیوّر کے کئی نثر پارے اور شعری مجموعے شائع کر کے غیوّر کی شاعرانہ اور ناثرانہ صلاحیت کو متعارف کرایا۔ شوکت غیوّر کی پیہم کاوشوں کے نتیجے میں سید غلام رسول غیوّر کے منظرِ عام پر آنے والے تخلیقی مجموعات میں ''سنگ وسمن، شفق منظر، فکری زاویے نثری خاکے، سیّل وصحرا'' اور ''سرَ س چھا جامہ نألی'' شامل ہیں۔

سیدّ غلام رسول غیوّر کے اشعار سے اُبھرنے والے واردات اور اُن واردات کی پاداش میں اُن کے احساس اور خارجی حرکات وسکنات پر مرّتب ہونے والے اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔ انتقادی سطح پر یہ امر محورِ بحث رہا ہے کہ غم وآلام کے نرغے میں محصور شاعر کی طبیعت سے اُبھرنے والے اشعار پُر گداز ہوتے ہیں۔ اوائلی مراحل پر غموں سے نڈھال یہ اشعار شاعر کی اضطرابی اور اضطراری کیفیت کے غمّاز ہوتے ہیں۔ مگر تدریجی ارتقاء سے گزرتے ہوئے یہ اضطرار اور اضطراب عادت میں بدل جاتے ہیں۔ بالفاظِ دیگر یوں کہا جا سکتا ہے کہ شاعر غم وآلام کا خوگر ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ بعض مواقع پر ان غموں کو اپنے حوصلوں کی تقویت کا وسیلہ بھی گردانتا ہے۔ اس تمہید میں غلام رسول غیوّر کے یہ اشعار اُن کے جذبات واحساسات کے ترجمان ہیں۔

لحظہ لحظہ غم دوراں نے ستایا مجھ کو دِل کا خون آنکھ کے رستے سے بہایا میں نے

یہ فصلِ زیست، یہ چھائی اُداسیاں اور ہم یہ سیل مرگ ، یہ ہمّت کا بادباں اور ہم

وہ غم نہیں وہ درد کا اب سلسلہ نہیں اے زندگی ، تیری تو کوئی اب دوا نہیں

سنگِ کہسار بھی سرگوشیاں کرتے ہیں یہی ابنِ آدم کے بھی کیا قلب وجگر ہوتے ہیں

شاعرانہ حساسیت کی واضح نشانی گردونواح کے حالات سے شاعر کی ہمہ وقت آگاہی ہے۔اس بارے میں بھی غیور کی زُود حسی اِن اشعار کے سیاق وسباق سے عیاں ہے۔شاید ایسے ہی اشعار کی بناء پر مبینہ طور رحمان راہیؔ صاحب نے غیوؔر کو صوتِ کشمیر یعنی کشمیر کی آواز کہا تھا۔

موت کی دہلیز پر پھر زندگی رقصاں ہے آج
خامشی سے ساحلوں پر سوچنا طوفان ہے آج
کیف آور آنکھ تر ہے گردشِ ایام سے
ساغر و مینا کی دُنیا میں بپا طوفان ہے آج
برزخ میں کیا گُزرتی ہے کیسے کہے کوئی
انسانیت فرار ہے برصغیر سے

حسرت ویاس کے اندھیروں میں کبھی کبھار گردشِ زمانہ سے خلافِ توقع تابناک مواقع کے قوی امکانات بھی ہویدا ہوجاتے ہیں۔ان نادر مواقع کو بھانپنے کے لئے انسان کا زود فہم ہونا لازمی ہے۔جن افراد میں زُودفہمی کا جوہر موجود نہ ہو وہ اچانک عیاں ہونے والے ان تابناک مواقع سے مستفید ہونے کے تئیں نا اہل ٹھہرتے ہیں۔

اسی حقیقت کی جانب اشارہ کر کے غلام رسول غیوّر کہتے ہیں۔

؎ گو تیرگی سے اُگنے لگی ہے سحرِ نو اس شہر میں خوابیدہ ہیں اب تک کئی رَہرو

غیوّر کا تخیّل اس مُسلّمہ حقیقت کا بھی قائل ہے کہ نا اہل افراد کے سامنے عشق و محبت کی قندیل فروزاں کرنا اندھوں کی بستی میں آیئنے فروخت کرنے کے مترادف ہے۔اس تعلّق سے غیوّر کا یہ شعر ملاحظہ ہو۔ ؎

فانوس محبت کا نہ روشن کرو اے دوست

عنقا ہے شہر میں ابھی انسان کا پرتو

قول وعمل کی ہم آہنگی اور یکسانیت کا درس بھی غیور کی شاعری کا خاص موضوع رہا ہے۔اس تناظر میں یہ شعر تمثیلاً پیش کرتا ہوں۔ ؎

سودا نہ ہوا اور نہ ہوگا کبھی اُن سے گندم جو دِکھاتے ہیں مگر بیچتے ہیں جُو

غیوّر کی شاعری میں صوفیانہ موضوعات کے جلوے بھی نظر آتے ہیں۔اس تعلّق سے خلوت وجلوت کی اصطلاحیں قابلِ توجہ ہیں۔ ؎

میری فطرت میں نہیں ہیں خلوتیں جب بھی دیکھا سینکڑوں محشر ملے

اس شعر میں غیوّر خلوت پسندی کو اپنی فطرت سے بعید قرار دیتے ہوئے اپنے مشاہدے سے سینکڑوں محشر قریب ہونے کا عندیہ دیتے ہیں۔مگر تصوّف کے عنوان سے لکھی ہوئی ایک نظم میں خلوت وجلوت کے تئیں یوں رقمطراز ہیں:

''صوفی صرف خلوتوں کا مکین نہیں،جلوتوں میں بھی اُس کو یکسوئی حاصل رہتی ہے''۔

بادیٔ النّظر میں خلوت وجلوت کے بارے میں غیوّر کے مضمونی سیاق وسباق

میں تضاد دِکھائی دیتا ہے۔ مگر گہری نظر ڈالنے پر عیاں ہوتا ہے کہ غیوّر اپنے شعری مضمون میں دراصل خلوت در انجمن کے صوفیانہ رمز کی گرہ کُشائی کرتے ہیں۔ اس دعویٰ کی دلیل غیوّر کا یہ شعر ہے۔

میں نے کثرت میں بھی خلوت کا بھرم رکھا ہے
رات میں گُم ہوں مگر نُورِ سحر ہے مجھ میں

یہ وہی مضمون ہے جو میرزا اسداللہ خان غالبؔ نے یوں ادا کیا ہے۔

ہے آدمی بجائے خود اک محشرِ خیال
ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو

تصوّفی سطح پر جُز کو کُل کے تعارف کا وسیلہ قرار دیتے ہوئے اپنی شاعرانہ ذات کے توسّط سے غیوّر کہتے ہیں۔

میں وہ قطرہ ہوں کہ قُلزم کا اثر ہے مجھ میں
رات میں گُم ہوں مگر نورِ سحر مجھ میں ہے

غیوّر کی کئی اشعار اُن کی خدمتِ خلق کا بے لوث جذبہ آشکار ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ اس میں جذبۂ خدمتِ عام سے محروم افراد کو غیوّر بے ثمر درختوں کے مُشابہ مان کر بے توقیر قرار دیتے ہیں۔

جن کی شاخوں میں صحت بخش ثمر ہوتے ہیں
بس وہی لائقِ توقیر شجر ہوتے ہیں

یہاں غیوّر ''صحت بخش'' سے لانفع بخش'' مراد لیتے ہیں۔

سید غلام رسول غیوّر نے نعتیہ شاعری بھی کی ہے۔ جب اپنے مخصوص اور اثر انگیز لحن میں اپنی لکھی ہوئی نعتیں پڑھتے تھے تو سامعین پر وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی تھی۔ مضمون کی طوالت کے پیشِ نظر غیوّر کی نعت نویسی اور نعت خوانی کی اثر آفرینی کے تعلّق سے مرحوم حکیم منظور کی اس عبارت پر اختتامِ گفتگو کروں گا۔

''وہ (یعنی غیوّر) عالمِ دین، تاریخِ محمدیؐ سے واقف ہونے کی طرح واقف تھے۔ وہ جب بھی ذکرِ رسول اللہ ﷺ نعت کی صورت میں اپنے بے حد دلکش لحن کے ساتھ کرتے تھے۔ تو سامعین کو اشکبار کرتے تھے۔ جب وہ نعت پڑھتے تھے تو لگتا تھا کہ اُن کا پورا وجود مُجسمِ عقیدت واحترام بن گیا ہے۔

☆

اصل: فارسی
اردو: مفتی شفیق الرحمٰن

تاریخ کشمیر......(قسط:۱۰)

از

ملک حیدر چاڈورہ

صحیح علمِ نجوم کی بات غلط نہیں ہوتی اور یوسف شاہ نے اپنے بیٹے کو تحائف دے کر روانہ کردیا لیکن وہ شاہی دربار میں قبول نہ ہوسکا۔ایک سال کے بعد اس کو وہاں سے رخصت کردیا گیا اور شاہی دربار سے دوبارہ حُکم نامہ جاری کیا گیا کہ اگر تم نے آستان بوسی کا شرف حاصل کرنے کے لئے اپنے آپ کو شاہی دربار میں حاضر نہ کیا تو تمہارے خلاف ایک بڑا لشکر روانہ کردیا جائے گا۔اس خبر سے یوسف شاہ کے ہوش اُڑ گئے اور مجبور ہوکر اس نے پہلے کے مقابلے میں سو گنا زیادہ تحائف دے کر اپنے ہونہار بیٹے یعقوب خان کو بادشاہِ اکبر کی خدمت میں روانہ کردیا جس کو وہ اپنا ولیٔ عہد بنانا چاہتا تھا۔یعقوب خان نے مسلسل دو سال تک فتح پور میں بادشاہ اکبر کے نوکروں کے ساتھ قیام کیا۔شاہی دربار کے غلام بار بار ذکر کرتے تھے کہ یوسف خان ہماری بارہ

گاہ سے عزت پا کر اپنے ملک چلا گیا اور عیش و عشرت میں مشغول ہو گیا۔اس نے اس دوران کبھی بھی عقیدت اور غلامی کا اظہار نہیں کیا حالانکہ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ ملک کو فتح کرنے کے بعد اس کو اکبر بادشاہ کی بارہ گاہ میں سر جھکا کر حاضر ہونا چاہیے تھا۔حالانکہ ہماری طرف سے جنابِ والا شان کا فرمان اس کو طلب کرنے کے لئے صادر ہوا تھا کہ وہ آکر بادشاہ کی چوکھٹ کو بوسہ دینے کا شرف حاصل کرے مگر وہ خود حاضر نہ ہوا اور اس نے اپنے ایک ایسے بیٹے کو بھیج دیا کہ جس میں بادشاہ کی غلامی کرنے کی صلاحیت نہیں تھی ہم نے اس کو رخصت کر دیا مگر وہ خود پھر بھی نہ آیا اور اپنے بڑے بیٹے کو بھیج دیا کہ جو دماغی فتور اور پاگل پن سے خالی نہیں ہے اور اسی بناء پر حکیم علی کو شاہی دربار سے حکم ملا کہ بادشاہ کے غلاموں کے دار الخلافہ میں جلوہ افروز ہونے سے پہلے وہ یوسف خان کو کشمیر سے اپنے ہمراہ لاکر بادشاہ کی چوکھٹ کو چومنے کے شرف سے بہرہ ور کرے اور اگر وہ اس مرتبہ بھی آنے کے سلسلے میں لاپرواہی اور عذر وحیلہ پیش کرے تو پھر وہ اس کے احوال تفصیلاً لکھ کر بادشاہ کی درگاہ عالیہ میں پیش کرے تاکہ اس کا علاج کیا جائے۔

چونکہ یعقوب خان نے اس حقیقت کو بادشاہ کی زبانی براہِ راست سنا تھا لہٰذ اس نے یہ احوال ہو بہو لکھ کر یوسف شاہ کے پاس بھیج دیئے۔اس خط کے مضمون کو پڑھ کر یوسف شاہ بہت فکرمند اور غمگین ہو گیا اور اس نے اپنی حکومت کے خیر خواہوں کو طلب کیا اور ان سے اس بارے میں رائے اور مشورہ طلب کیا کہ اکبر بادشاہ کے غلاموں نے ملکِ کشمیر کو فتح کرنے کی خواہش ظاہر کی ہے۔اس جماعت نے باتفاق عرض کیا کہ ہم اسی سے پہلے اس وجہ سے کچھ گستاخیاں کر رہے تھے کہ آپ فکرمند اور

ہوشیار ہوجائیں اور غفلت کو اپنے پاس نہ آنے دیں اور اپنے عیش وعشرت کو تج دے کر گزشتہ بادشاہوں کی طرح فوجیوں کی تربیت کرنے اور ملک کی حفاظت کرنے میں مشغول ہوجائیں تا کہ ہم جنگ کرنے کے لائق ہوجائیں۔ جو کوئی اس طرف سے آئے گا ہم کوہستان کی تنگنائی میں اس کے ساتھ لڑائی اور جنگ کریں گے۔ چونکہ یوسف شاہ کا ارادہ اور اس کی آرزو یہی تھی کہ بادشاہ اکبر کے دربار کے غلاموں کی طاقت دیکھے۔ لہٰذا اس نے ایک مخصوص اور متعین جواب دیا کہ کیا تم نے بارہا اکبر بادشاہ کا لشکر نہیں دیکھا ہے۔ اگر اس کے لشکر نے کشمیر کا رُخ کرلیا تو ایک ہی دن میں کشمیر میں چارے، پانی اور جنگل کا کام تمام ہوجائے گا اور دوسرے دن ان چیزوں کا نام ونشان تک نہ ہوگا اور اس کے علاوہ میرا بیٹا جنابِ والا کی بارگاہ میں موجود ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ ضائع ہوجائے۔ بہتر یہ ہے کہ حضورِ والا کے لاہور سے گزرنے سے پہلے ہی ان کی بارگاہ میں چوکھٹ کو چومنے کا شرف حاصل کرلیں۔ اگر وہ ہمیں یہ ملک عطا فرمادیں تو بہتر ہے ورنہ اس کے برابر کوئی اور جگہ عطا کردیں گے۔ یہ جماعت یوسف شاہ کی زبانی یہ باتیں سُن کر پوری طرح نا اُمید ہوگئی اور اُنہوں نے کہال کے پہاڑوں پر ٹھہرنے کا ارادہ کرلیا۔ دوسرے دن تمام چھوٹوں اور بڑوں، بوڑھوں اور جوانوں، کمینوں اور شریفوں نے حاضر ہوکر التماس کی کہ زولچو کی دست درازی سے یہ ملک تباہ وبرباد ہوکر ابھی تک اپنی اصل حالت پر نہیں آیا ہے۔ اگر اب یہ ہاتھوں سے نکل گیا تو پھر قیامت تک کبھی بھی ہاتھ نہیں آئے گا اور رہتی دنیا تک بدنامی رہے گی۔ بہتر یہ ہے کہ تمام لوگ بہادری اور جانبازی کا مظاہرہ کرنے میں کوئی کسر باقی نہ رکھیں۔

فتح وکامیابی کے بعد حالات کے مطابق جس کسی کو چاہیں شاہی عنایات اور مہربانیوں سے سرفراز اور ممتاز فرمائیں۔

مگر یوسف شاہ کی دلی خواہش یہ تھی کہ بادشاہ جلال الدین اکبر کے غلاموں کی طاقت دیکھنی چاہیے اور اسی اثناء میں حکیم علی بھی لاہور سے گزر کر پہنچ گیا تھا اور بادشاہ اکبر کے غلامون نے لاہور میں داخل ہوئے بغیر نور پور کے قلعہ کے بیچ میں سے کابل کی جانب رُخ کیا اور جب وہ خواص پور کے مقام پر پہنچے تو یعقوب خان نے موقعہ کو غنیمت جانتے ہوئے وہاں سے کشمیر کا رُخ کیا۔ اگرچہ شاہی نگران اس پر نظر رکھے ہوئے تھے مگر وہ ان کو بے خبر رکھ کر پوری تیزی کے ساتھ پادشاہی قلمرو سے باہر نکل گیا۔ وہ جماعت کا جداری پہاڑ سے گزر کر حیدر چک کے لوگوں کے ڈر کی وجہ سے نو شہرہ کو دائیں طرف چھوڑ کر راجوری شہر میں جا کر ٹھہری اور وہاں سے کوچ کر کے ہستالوت کے مقام پر پہنچی اور ان سے پہلے حکیم علی جو تھانہ کے مقام میں داخل ہو گیا تھا اس نے دیکھا کہ سواروں کی جماعت ہستالوت کے مقام پر پہنچ گئی ہے۔ حکیم علی نے تھانہ کے باشندوں سے اس جماعت کے بارے میں پوچھا تو اُنہوں نے کہا کہ یعقوب خان شاہی دربار سے روگردان ہو کر کشمیر کی طرف جا رہا ہے اور حکیم علی نے سوچا کہ وہ مجھ کو قتل کرنا چاہے گا مگر یعقوب خان فراست سے حکیم علی کے اضطراب اور اس کی پریشانی کو جان گیا اور اس نے اس کے پاس اپنا آدمی بھیج کر اور اس کو دلاسا اور اطمینان دلایا کہ وہ مطمیئن ہو جائے۔ اگرچہ لوگ حکیم علی کو تسلّی دے رہے تھے مگر وہ بے جان لاشہ ڈرتا لرزتا راستے پر چل رہا تھا اور یعقوب خان یوسف شاہ کے پاس پہنچ گیا۔

یوسف شاہ یعقوب خان کے پہنچنے سے بہت غمگین اور فکر ہو کر چاہتا تھا کہ اس کو قید کر لے۔ چونکہ لوگ اس کو بہت چاہتے تھے لہٰذا وہ یوسف شاہ کے لئے رکاوٹ بن گئے اور حکیم علی کے پہنچنے تک یوسف شاہ نے اس کے معاملے میں کوئی دخل نہیں دیا اور اس کے کام پر اس کی پکڑ نہیں کی اور جب حکیم علی خانپور کے مقام پر پہنچا تو یوسف شاہ نے وہاں آکر اس کا استقبال کیا اور بادشاہی کے شیوہ کے مطابق اس کی تعظیم و تکریم اور آداب کے قواعد بجالایا۔ حکیم علی شہر میں جلوہ نما ہوا اور اس کے ٹھہرنے کے لئے سید علی خان کا گھر متعین کیا گیا اور اس نے دو ماہ تک یہاں قیام کیا اور اس مدت کے دوران یوسف شاہ اکثر اس کو دیکھنے کے لئے جاتا اور اس کی خاطر داری کرتا اور کہتا کہ یعقوب خان کے ہاتھ پاؤں باندھ کر اس کو آپ کے ہمراہ بادشاہ کے دربار میں بھیج دوں گا اور جب حکیم علی سمجھ گیا کہ یوسف شاہ کا کشمیر سے نکلنا مشکل سے خالی نہیں ہے تو اس نے بادشاہ کی خدمت میں لکھا: چونکہ تمام فوج اس سے روگردان ہو گئی ہے اور کوئی بھی شخص اس کا ساتھ نہیں دے رہا ہے لہٰذا یوسف شاہ کا خدمت میں حاضر ہونا ممکن نہیں ہے۔ شاہی دربار کے غلاموں نے علی شاہ کے خط کے مضمون کی اطلاع پا کر راجہ بھگوان داس کچوا کے ہمراہ تقریباً پچاس ہزار مسلح سواروں کو اٹک سے بارہ مولہ کے راستے کشمیر بھیج دیا اور خود وہیں ٹھہر گئے اور جب وہ وحشت ناک خبر یوسف شاہ نے سنی تو اس نے بے دست و پا اور مجبور ہو کر حکیم علی کو جانے کی اجازت دے دی اور جنگ اور لڑائی کے تمام اسباب سے وہ دستبردار ہو گیا۔ یہاں تک کہ اکبر بادشاہ کا زبردست لشکر ''پنبہ درنگ'' سے گزر کر وچینہ اور کہاورہ کی تنگنائے میں داخل ہو گیا اور کشمیر کے تمام چھوٹے اور بڑے

لوگوں نے یوسف شاہ کے پاس آکر اس سے التماس کی کہ کاشغریوں کے فتنے میں اس ملک کے لوگ اسیر وقید ہو گئے تھے اور آپ کے بزرگوار دادا کی وجہ سے اُنہوں نے اس سختی سے نجات پائی تھی۔ اگر آپ اس وقت اپنے پاؤں مضبوط رکھتے ہیں اور کوہستان کی تنگنائے میں جنگ شروع کرتے ہیں تو دشمن کی فوج جنگ میں ٹک نہ سکے گی۔ یوسف شاہ بظاہر ان لوگوں کو اطمینان دلا رہا تھا لیکن اس کی دلی خواہش یہ تھی کہ وہ اکبر بادشاہ کے غلاموں کے ساتھ چلا جائے اور شاہی چوکھٹ کو چومنے کا شرف حاصل کرے وہ شہر سے ایک گھوڑے پر سوار ہو کر اس طرح نکلا گویا کہ وہ شکار کے لئے جا رہا تھا مگر وہ اسی دن بارہمولہ پہنچ گیا اور اس نے وہیں سے فوج کے تین حصے مقرر کئے۔

چنانچہ اس نے یوسف خان ولد حسین شاہ اور شمس چک ابن دولت چک اور ملک حسن چاڈورہ ولد ملک محمد ناجی اور عالم شیر خان ماگرے کا ہراول دستہ بنا کر اس کو درے میں روانہ کر دیا۔ اپنے فرزند اور متوقع ولی عہد یعقوب خان اور سید مبارک کے فرزندوں سید حسین اور میر ابوالمعالی اور حسن خان ولد ایبہ شاہ اور ایبہ خان ولد ابدال خان اور تورنگ خان اور لوہر ملک تورچی وغیرہ کو لشکر کے یمین (داہنی ٹکری) میں تعینات کر کے دچنو پہاڑ کے اوپر روانہ کیا اور بابا طالب اصفہانی اور محمد بٹ کے بھائی حسین بٹ کو کنیان اور لکیان کی جماعت کے ساتھ لشکر کے یسار یعنی بائیں جانب کی ٹکڑی میں تعینات کر کے کھاورہ کے بیچ میں تعینات کر دیا اور دوسرے دن وہ کوارہ مست پر پہاڑ پر منتقل ہو گیا اور وہاں سے خواجہ ملک خواجہ سرائے کو شہر کی طرف روانہ کر دیا کہ عیال اور بچوں کو نجی رینہ کے پاس پہنچا دو۔ اس خبر سے سارا لشکر یوسف شاہ سے نا

اُمید ہو گیا اور وہ سب سمجھ گئے کہ یوسف شاہ کی یہ آرزو اور خواہش ہے کہ وہ اپنے لشکر کو چھوڑ دے اور ہندوستان کی طرف روانہ ہو جائے۔ یہاں تک کہ ہر روز بہادر جنگجو اور بہرام صفت نڈر جوان دونوں جانب سے لڑ رہے تھے اور اکثر دشمن کی طرف کے لوگوں کے کشتوں کے پشتے لگا رہے تھے۔ غلے کی سی مہنگائی، سخت برف باری، ہوا کی سخت ٹھنڈک کی وجہ سے مغل فوج درماندہ و عاجزہ ہو گئی تھی۔

چنانچہ کشمیر کے لوگ گھڑیاں دیکھ رہے تھے کہ کب مغل فوج شکست کھا جائے گی۔ اسی اثناء میں مغل فوج کی طرح سے دو شخص باہر نکلے اور کشمیری فوج کی طرف آنے لگے راہداروں نے اُن کو پکڑ کر یوسف خان قورچی کے پاس حاضر کیا۔ کھود کرید اور تحقیق کرنے کے بعد اُنہوں نے یوسف شاہ کے نام لکھا گیا ایک خط ظاہر کیا جس کا مضمون یہ تھا کہ اگرچہ یہ لشکر شکست کھائے گا مگر تمہارے خلاف اس سے دوگنا لشکر دوبارہ مقرر کر دیا جائے گا۔ یوسف خان نے اس خط کے مضمون سے آگاہ ہونے کے بعد ان دو شخصوں کو قتل کر دینے کا حکم دیا مگر بعض اہم لوگوں نے التماس کی کہ ایلچی کو قتل کر دینا شاہی آداب سے بعید ہے اور یہ بات ملک کے شایانِ شان نہیں ہے۔ آپ ان کو یوسف شاہ کے پاس بھیج دیں وہ جو کچھ بہتر سمجھے گا کرے گا۔ جب ان دونوں کو خط کے سمیت یوسف شاہ کے پاس لے جایا گا۔ اس خط کو کھولے بغیر ہی اس کے مضمون سے آگاہ ہوئے بغیر ہی یوسف شاہ کے چہرے کا رنگ اُڑ گیا۔ وہ اپنی مجلس سے اُٹھ گیا اور تمام لوگوں کو روانہ کر کے ان دو کے ساتھ تنہائی میں بیٹھ گیا، خط کے مضمون سے آگاہ ہوا اور کوارہ مست پہاڑے سے اُٹھ کر روچی کے مقام جا پہنچا۔ وہاں پر تھانہ کے لوگوں کو

دیکھ کر پرہ کے مقام پر جا پہنچا اور اپنے لشکر کا حال پوچھا تو اس کو بتایا گیا کہ تقریباً پندرہ ہزار سوار اور پچیس ہزار پیادہ اور سات ہزار بندوق بردار فوج کی تعداد قلم بند کی گئی ہے جیسا کہ یہ تعداد آپ کی نظر شریف سے بھی گزری ہے۔ یوسف شاہ اپنے لشکر کے بارے میں آگاہی پا کر بہت پریشان اور غمگین ہوا اور کسی کو اطلاع کئے بغیر ہی اس نے تمام نوکروں چاکروں کو چھوڑ کر راہِ فرار اختیار کرنے کا فیصلہ کیا۔ اور ۹۹۴ھ میں مغل لشکر کے ساتھ جاملا یعقوب شاہ نے اس دن فوج کے ہراول دستے کی سربراہی کرتے ہوئے میدانِ کارزار کا رُخ کیا اور دشمن کے خلاف جنگ چھیڑ دی۔ ایک رہبر کو ساتھ لے کر بولپاس تنگنائے کا رُخ کیا مگر بابا طالب اصفہانی جو بہادر اور جوانمرد ہونے کے ساتھ ساتھ تمام اچھے اوصاف سے آراستہ تھا باوجویکہ وہ کشمیری نہیں تھا لیکن اس نے چند سال یہاں گزارے تھے اور آرام کیا تھا۔ لہٰذا اس نے احسان مندی کا ثبوت دیتے ہوئے ورہ پرگنہ کے دریا کے اس پار سے مغل فوج پر بندوقوں اور تیروں سے اتنا شدید حملہ کیا کہ پولپاس کے میدان تک پہنچتے پہنچتے تقریباً دو ہزار فوجیوں کو اس نے مار ڈالا اور اُن کو آگے قدم نہیں بڑھانے دیئے۔ ایک ماہ تک مغل فوج وہاں رُکی رہی اور اس ایک ماہ کے دوران کشمیری فوج برابر لڑائی اور جنگ کرتی رہی۔ مغل فوج زبردست عاجز، حیران و پریشان ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ کے بے انتہاء قہر سے اس قدر برسات ، برف باری اور بادل پھٹنے کا مظاہرہ ہوا کہ سردی سے بچاؤ کرنے کے لئے انہیں کوئی بھی ٹھکانہ نہیں ملا۔ وہ انتہائی درجے کی سردی کی وجہ سے ہاتھیوں اور گھوڑوں کے شکم چاک کرتے اور اُن کے اندر پناہ لیتے مگر انہیں پھر بھی آرام میسر نہ ہوتا اور اس میدان میں ایسا دلدل بن

گیا کہ ہاتھی وغیرہ اس میں سینے تک دھنس جاتے۔ اس ہلاکت گاہ میں ان کے اکثر جانور مارے گئے اور اسی اثناء میں پتنبہ درنگ کے دریا پر بنے ہوئے پُل کو پانی بہالے گیا اور ایسی قحط سالی ہوئی کہ وہ اشرفیوں میں بھی غلّے کا ایک سیر دستیاب نہیں ہوتا تھا۔ اکثر راجپوت گھوڑوں کا گوشت کھا رہے تھے جس کی وجہ سے اُن کی جان چلی جاتی تھی۔ فاضل و بلیغ شاعر ملّا احمدی نے اس واقعے کو بیان کرنے کے لئے یہ نظم لکھی۔

چوں نظر بر ہلال می کروند لب نانے خیال می کردند
گردنِ خود دراز می کروند دھن آز بازمی کردند

ترجمہ: جب وہ نیا چاند دیکھتے تو اس کو روٹی کا ٹکرا سمجھتے وہ اپنی گردنیں اوپر اُٹھا اُٹھا کر دیکھتے اور حرص میں اپنا منہ کھولتے۔

آخر راجہ بھگوان داس سمجھ گیا کہ اس لشکر کو شکست ہوگی۔ لہٰذا اس کو راہِ فرار اختیار کرنے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں دکھائی دیا اور اس نے مصالحت کا راستہ اختیار کرتے ہوئے ایک نامور امیر کی بیٹی کو یعقوب خان کے نکاح میں دے دیا اور یہاں سے کوچ کرنے کا بگل بجا دیا اور وہیں سے ہندوستان کی طرف روانہ ہوگیا۔ جب وہ پکھلی پہنچا تو اس نے یوسف شاہ کو گرفتار کر لیا اور اکبر بادشاہ کے پاس اٹک پہنچا۔ وہ دارالسلطنت لاہور تک رام داس کچواہہ کی تحویل میں رہا اور لاہور میں اس کو راجہ نو درمل کے تحویل میں دے دیا گیا۔ اس نے دو سال نامرادی کے ساتھ قید میں گزارے۔ جب راجہ مان سنگھ کچواہہ کابل سے واپس آیا اور اکبر بادشاہ کی پابوسی سے مشرّف ہوا تو اس نے بادشاہ سے یوسف شاہ کی رہائی کی التماس کی۔ بادشاہ کی بارگاہ سے راجہ مان

سنگھ کی التماس کوقبولیت کا شرف حاصل ہوااور یوسف شاہ کوقید سے رہا کر دیا گیا۔اس کے لئے یومیہ ایک سوروپیہ کا وظیفہ مقرر کر کے اس کوراجہ مان سنگھ کے ساتھ بنگال میں تعینات کر دیا گیا اور چونکہ اس نے کشمیر میں اپنی حکمرانی کے دوران عیش وعشرت کے ساتھ زندگی گزاری تھی جب کہ اب وہ پیالہ بھی ٹوٹ گیا تھااور ساقی بھی نہیں رہا تھااور عیش وعشرت تنگی اور بدحالی میں تبدیلی ہوگئی تھی اور حادثات کے طوفانوں نے اس کے دماغ کے مکان کوڈھا کر اس کو پاگل کر دیا تھا۔لہٰذا وہ اللہ رب العزت کی طرف (اِرْجِعِیْ اِلٰی رَبِّکِ)''لوٹ اپنے پروردگار کی طرف'' کی صدا سُن کر اس دنیا سے کوچ کر گیا۔جب کہ ۹۹۴ھ میں یعقوب شاہ نے اس قسم کے بڑے لشکر کوشکست دی۔یوسف خانِ خاناں ولد حسین شاہ جو یوسف شاہ کا چچیرا بھائی تھا اُس نے یوسف شاہ کی موت پر کہا کہ قادرِ قدیر اور حیِّ بے نظیر خدا کی قدرت سے وہ ظہور کے میدان میں جلوہ گر ہوا، یوسف شاہ اپنی زندگی میں محتاجوں پر خرچ کرتا رہا وہ کسی بھی وقت داد و دہش سے فارغ نہیں ہوتا تھا۔جیسا کہ اس کے بارے میں کسی شاعر نے کہا

بود زبس مائلِ احسانِ زر　　چوں کفِ گل بود کفش کانِ زر
گرنبودے اہل نیازے بدرش　　دادے ازین کف بکف دیگرش
کس نشدے از کرمش تنگدل　　بود چوں کان ونہ چوکان سنگدل

ترجمہ:''وہ (یوسف شاہ) سونے کے ذریعے (لوگوں کے ساتھ) احسان کرنے کی طرف مائل تھااس کی ہتھیلی پھول جیسی تھی جوسونے کی کان تھی۔

اگراس کے دروازے پر کوئی محتاج نہ ہوتا تو وہ اپنے اِس ہاتھ سے دوسرے

ہاتھ کو دے دیتا۔

اس کے کرم سے کوئی بھی تنگ دِل نہ ہوتا، وہ کان جیسا تھا مگر کان جیسا سخت اور سنگ دِل نہ تھا۔

اس نے لوگوں کو جو چیز نہیں دی وہ مضرّت اور تکلیف تھی۔ اس کو وہ اپنے رحلت کر جانے کے بعد چھوڑ گیا۔

اِنّالِلّٰہِ وَنّا اَلَیْہِ رَاجُعوْنَ

ترجمہ: بے شک ہم سب اللہ کے ہیں اور بے شک ہم سب کو اسی کی طرح لوٹ کر جانا ہے۔

یعقوب شاہ نے فتح و کامرانی اور گھوڑوں اور فوج کے ساتھ سرینگر کا رُخ کیا، تختِ شاہی پر بیٹھ کر سکہ جاری کیا اور اپنے نام کا خطبہ پڑھا، اس نے ایک سال چھ ماہ تک حکومت کی اور اس مدت کے دوران اس نے کوئی ایسا کام نہیں کیا جو اسے کام آتا۔ بلکہ سب سے پہلا کام اس نے یہ کیا کہ اکبر جیسے پورے ہندوستان کے بادشاہ کو اس نے اپنا دشمن بنایا اور اس جیسے بڑے لشکر کو شکست دے کر اس نے کوہستان کے راستوں کو بند کرنے کی فکر نہیں کی اور یہاں کے فوجیوں اور زمینداروں کی اس نے عزّت افزائی نہیں کی بلکہ اس نے خرگوش کی نیند سونے کا فیصلہ کر کے بے ہوشی اختیار کی اور ظلم و جبر اختیار کر کے اس نے تمام چھوٹے بڑے لوگوں کو ناراض کیا۔ وہ کسی کا مشورہ قبول نہیں کرتا تھا بلکہ وہ مغرور تھا اور اپنی ہی رائے چلاتا تھا۔ یعقوب شاہ نے جس ملّا عینی اندھے کو تبرّ اخوانی کے لئے خاص کر رکھا تھا اس کو بلا کر حکم دیا کہ قاضی موسیٰ کے پاس

جاؤاوراس سے کہو کہ وہ اذان کے ساتھ ''عَـلِـیٌّ وِلِـیُّ اللّٰہِ'' ملادیں۔ چونکہ اس بات کی تحریک ملاّ عینی نے ہی دی تھی لہٰذا اس نے یہ بات قاضی موسیٰ کے پاس پہنچائے بغیر ہی ان کی طرف سے یعقوب شاہ تک یہ بات پہنچائی کہ اس قسم کی اذان پڑھنا اہلِ السنتہ والجماعتہ کے مذہب میں رافضیت ہے اور یہ دوشعر ملاّ عینی اندھے کی تخلیق ہیں۔

ہنوز آن ابرِ رحمت دُرفشان است   مئے و میخانہ بامہرو نشان است
دریں دیرِ مسدّس خم تہی نیست   تہی گفتن بغیر از ابلہی نیست

ترجمہ: ابھی وہ رحمت کا بادل موتی برسا رہا ہے۔ شراب اور شراب خانہ دونوں ابھی محبت اور اپنی پہچان کے ساتھ موجود ہیں۔

اس مسدّس بت خانے میں مٹکا خالی نہیں ہے۔ اس کو خالی کہنا سراسر بے وقوفی ہے۔

اس کے بعد اس نے شریعت شعار قاضی موسیٰ کو اپنی مجلس میں طلب کر کے ان سے مذہب کے بارے میں بحث ومباحثہ شروع کر دیا۔

نہ در ہر سخن بحث کردن رواست   خطا بر بزرگان گرفتن خطا است

ترجمہ: ہر کسی بات کے بارے میں بحث ومباحثہ کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ بزرگوں اور بڑوں کی غلطی پکڑنا غلط ہے۔

ہر چند کہ قاضی موسیٰ نے التماس کی کہ بادشاہوں کو مذہبی شدّت پسندی سے کیا لینا دینا ہے۔ مگر (ان کے فرمانے کا) کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ یہاں تک کہ اس بحث و مباحثہ کی وجہ سے قاضی موسیٰ کے مخلصین خصوصاً شمس چک، ملک حسن چاڈورہ ولد ملک

محمد ناجی، علم شیر خان ماگرے اور علی ڈار وغیرہ جیسے سرداراس دوران جب وہ ''اچھول ناگ'' چشمے کی سیر کے لئے گئے ہوئے تھے یعقوب شاہ سے علاحدہ ہو کر اُنہوں نے کوہستانِ ہند کا رُخ کیا اور جب وہ ہیرہ پور پہنچے تو حسن ملک جس نے دُنیا کے گرم وسرد کو دیکھا تھا اور جہاں آزمودہ ہونے کے علاوہ اس کو ملک محمد ناجی جیسے یگانۂ روزگار شخص کی صحبت حاصل تھی اس نے شمس چک سے کہا کہ ہم لوگوں کا کوہستان کی طرف جانا ٹھیک نہیں ہے۔ کیونکہ برسات کا موسم آنے والا ہے۔ اور لوگ پانی کے خوف کی وجہ سے ہمارے ساتھ ہونے کی ہمت نہیں کر سکیں گی۔ بہتر یہ ہے کہ ہم شہر سرینگر چلے جائیں۔ اگر ہم پہلے پہنچ گئے تو ہماری فتح یقینی ہے اور اگر یعقوب شاہ پہلے پہنچ گیا تو فتح اس کی ہوگی۔ چونکہ سب سردار شاہِ شاہان ملک محمد ناجی کی عمدہ مشاورت اور اس کی کرامتوں سے واقف تھے اور حسن ملک مردانگی اور بہادری دلیری اور مشاورت میں بے مثال تھا۔ لہٰذا اُنہوں نے اس کی بات کو قبول کرتے ہوئے شہر سرینگر کا رُخ کیا اور یعقوب شاہ کو ان سرداروں کے علیحدہ ہونے کی خبر مچھہ بون ناگ کے مقام پر پہنچی۔ وہ بے دست و پا ہو کر حیران ہو گیا کہ کیا کرنا چاہیے۔ آخر اس نے اپنے قید خانے میں بند محمد بٹ کو طلب کر کے اس کے پاؤں سے بیڑی نکال کر اس سے کہا کہ حسن ملک چاڈورہ ان کے ساتھ ہے وہ اس کے مشورے پر عمل کریں گے۔ چونکہ حسن ملک بارہا کام کر چُکا ہے اور آزمودہ کار ہے۔ لہٰذا وہ انہیں ہندوستان جانے سے روکے گا البتہ وہ شہر سرینگر کے طرف جائیں گے۔ لہٰذا آپ ان کے پہنچنے سے پہلے ہی سرینگر پہنچ جائیں، فتح آپ کی ہوگی بلکہ جو بھی پہلے پہنچے گا اسی کی فتح ہوگی۔ یعقوب شاہ نے اب کی بار

اس کی بات پر عمل کیا اور پوری تیزی کے ساتھ سرینگر پہنچ گیا اس کے پہنچنے کے بعد جب کہ دن کا ایک پہر گزر گیا تھا اور اس کا رُخ مشرق کی جانب تھا لہٰذا وہ نیچے اُتر آئے اور دونوں فوجیوں کے درمیان تیر و بندوق چل پڑے۔ سات دن اور رات اُنہوں نے اسی طرح گزارے۔ آخر کار بابا خلیل اور یعقوب شاہ کے پیر شیخ حسن جڈی بل نے صلاح کی پیش کش کر دی کہ سوپور سے علاقہ کمراز کے حدود کا تعلّق ان سرداروں سے رہے گا اور باقی ماندہ کشمیر یعقوب شاہ کی حکومت کے تحت رہے گا اور اس جماعت کے بسنے کے لئے سوپور کو مقرر کیا گیا تاکہ یہ کسی جگہ دخل اندازی نہ کریں۔ اس قرادارد کے ساتھ وہ شہر سرینگر کو چھوڑ کر سوپور کی طرف روانہ ہو گئے اور جب وہ ہارہ ٹھٹھ کے دریا سے گزر گئے تو اُنہوں نے اس عہد کو توڑ کر یہ چاہا کہ وہ شیخ حسن اور بابا خلیل کو قتل کر دیں۔ ملک حسن کو اس بات کی اطلاع مل گئی وہ لشکر سے باہر نکل آیا اور اس نے ہارہ ٹھٹھ کے دریا کو عبور کیا اور کچھ لوگوں کو اپنے ساتھ لے کر سرینگر شہر پہنچا۔ دوسرے دن شمس چک اور دوسرے سردار سوپور کے دریا کا پُل کاٹ کر دریا کے اس پار کمراج میں بیٹھ گئے اور شیخ حسن اور بابا خلیل نے یہ حقیقت پوری طرح سے یعقوب شاہ سے بیان کر دی۔ یعقوب شاہ نے اسی وقت جنگ کا بگل بجا دیا اور جنگ کرنے کے ارادے سے دشمن کی جانب روانہ ہو گیا۔ جب یعقوب شاہ کا لشکر سوپور پہنچا تو اُنہوں نے وہاں پُل ٹوٹا ہوا دیکھا۔ دریا تاخیر کا سبب بن گیا۔ یعقوب شاہ نے وہاں پر لشکر کا جائزہ لیا۔ جس کی مقدار دو ہزار سوار اور بیس ہزار پیادہ اور چھ ہزار بندوق بردار قلمبند کی گئی دوسرے دن بہت سی کشتیاں جمع کر کے یعقوب شاہ کے لشکر نے دریا کو عبور کیا اور وہ گروہ مقابلہ اور جنگ کی

تاب نہ لاتے ہوئے شکست خوردہ ہوکر شہر کی طرف دوڑ پڑا۔ محمد بٹ نے دوبارہ پہلی رائے دی کہ جس شخص کے قبضے میں شہر آجائے گا فتح اس کی ہوگی۔ کوہامہ کی طرف سے شہر تک مسافت زیادہ تھی لہٰذا شمس چک شہر تک نہیں پہنچ سکا اور یعقوب شاہ پوری تیزی سے ساتھ سیدھے راستے پر چل کر اس گروہ کے شہر میں وارد ہونے سے پہلے وہاں پہنچ گیا۔ شمس چک پریشان ہوکر جڈی بل محلّہ میں شیخ ابراہیم کے گھر میں روپوش ہوگیا دوسرے دن اس کو وہاں سے باندھ کر یعقوب شاہ کے پاس لایا گیا اور قید خانے میں بند کر دیا گیا۔ اس گروہ کے بعض لوگ ہندوستان کی طرف چلے گئے اور بعض کہیں اور چلے گئے۔ روایت ہے کہ یعقوب شاہ نے سب کے جرم اور سزا کو معاف کر دیا۔ یہاں تک کہ قاضی موسیٰ کے ساتھ جو بحث ہو چکی تھی اس نے اس کو دوبارہ شروع کر دیا اور ان کو طلب کر کے کہا کہ ''عَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ ''کو نماز کی اذان میں داخل کرو۔ قاضی صاحب سُنّی تھے اور اس طرح کا کلمہ اذان میں کہنا شریعتِ غرّا کے مطابق جائز نہیں سمجھتے تھے۔ لہٰذا اُنہوں نے یعقوب شاہ کی بات کو قبول نہیں کیا اور اکثر اُمرا، وزرا، علماء وفضلا نے اس کو نصیحت کی کہ جہاں کہیں جان کا ڈر ہو تو وہاں اپنے مذہب کو چھپانا جاسکتا ہے۔

☆☆

حصہٕ کشمیری

فہرست

نمبر شمارٕ	موضوع	مصنف	صفہٕ نمبر
1	زندگی ہُنڈ ڈھونگ	ترجمہ: غلام نبی آتش	76
2	کأشِر شأعری روایتی تناظرس منٛز	سید اختر منصوٗر	92
3	کٔشیرِ ہٕندی کینٛہہ توٲرٲخی قلعہٕ	ڈاکٹر حسرت حُسین	109
4	امرناتھ......روایت تہٕ توٲریخ	رتن تلاشی	117
5	ژاٹہٕ کورِ	علی احسن	130
6	سِوٕ سرُ پھ	کأشُر: شہزادہ رفیق	138
7	دیوداس	ترجمہٕ: ڈاکٹر سید افتخار احمد	114

☆

مولہٕ زبان: تیلگو
اصل: مدورانٹاکم راجارام
ترجمہ: غلام نبی آتش

زندگی ہُنٛد ڈھونگ

وَنے کیا! أزِچ کتھاہ ! مےٚ چھِنہٕ لفظٕے سمان۔ بوزن وأٲلی تہٕ وُچھن وأٲلی أسی خاموش، اچھِ دارٕن ہٕنٛدی پأٹھی بوزان''۔ پینا پیڈا اوینکٹاداری نیوڈ ہشن و ٚون۔

''کیا ساپوٚ زُے چھُکھِ وَنان۔ پٕزی آساسو کتھاپیٚرِژ''۔
خوش گٕژھِتھ وٚونس ہری ناراینا شرما بھاگاوتھرن۔

سامی! ژٕ کیا زِیوٚت نرمی سان بولان۔ پٕزٕ ہتھ کاٗنہہ کتھ أس موٚختہٕ پھوٚل ہِش۔ بہٕ چھُس نہٕ ئلیٚ خوشی سان یم تعریف کران۔ ڈرپوٚ پدمایہِ متعلق میٲنی لفظ۔ بہٕ چھُس أکھِتھ مأ کھِتھ تھٲنی کران۔ بھاراتم کتھاہ چھےٚ صرف وُہن مِنٹن ہٕنٛز پیش کش۔ مےٚ چھےٚ بھاگاواتھارس نِش پرٛانین کلاسکی واقعن ہٕنٛز کتھایہِ بوزٕنٛ۔ مگر کاٗنہہ چھُم نہٕ وُچھمُت یُتھ یُس أمی ہٕنٛدِ ہِوِ جوشہٕ تہٕ جذبہٕ سان وُژھِ وُژھِ زار ہِش کھیل پیش کُرِتھ

ہیکہِ......"

"شکریہ، نیوڈو، بہٕ اوٗسس گوڑ پیٹھے پریشان، تِکیازِ سون بول چال چھُنہٕ تُہنٛدِس بول چالس ستؠ رَلان۔ فأیدِ کیا چھُ میانین زوردار کرٕکن ہُنٛد اگر نہٕ تِمہٕ بوزن والین فِکرِ تَرن۔ جانٕے گوٚ وژےٚ وٚنتھ تی یہِ دِلس اوسُے۔ یُتھ خوش گوس زنتہٕ ہٲسی تِس پیٹھ سوار سپدِس۔ ژٕ آسکھ حٲران گوٚمت زِ بہٕ اوٗسس ژھلبٲزی کٔرِتھ زار گنٛدنچہٕ کھیلِہ متعلق زیادٕے پرژھان۔ مےٚ نِش چھُ امہِ باپتھ واریاہ وجہ۔ تِم وَنے پتہٕ پٔہن۔ بٕیہہ تامتھ پتھن۔ بہٕ یِیے پوٚت آنگنہٕ منٛزٕ کھور چھٕلتھ"۔

"یہِ ژٕ یِژھکھ" وینکا ٹاڈاری نیووڈٕ ہن وٚنس کُرسی پیٹھ بٕیہان بٕیہان۔ ہری نارائنن کوٚڈ کامہِ دار پلو نالہٕ تہٕ تھوٗن رکِہِ الونٛد۔ رؠشم دوتہِ لأجن معموٗلی سوٗتی دوٗتی تہٕ دژاو پوٚت آنگن کُن۔ یِیلہِ تا پٕک تژٕر تیزان چھُ، ناگن تہٕ تالابن چھُ آب کم گژھان۔ گُلین چھُ پَن ہَران تہٕ گرٕیسی چھِ روٗدس پژاران، تِمن دوٚہن دوران چھےٚ مہابھارت چہِ کتھایہِ تہٕ تِمن متعلق کتھ باتھ بوزناونہٕ باپتھ پروگرام گرٕنی سہل تہٕ عام کتھ۔ رٲژن دوران چھِ یوان کوچن منٛز ناٹک گنٛدنہٕ۔ مہابھارت کہِ جنٛگلکی پٲٹھی چھُ یہِ پروگرام اردا ہن دوٚہن چلان۔ مہابھارژ تِژ ڈٲلیل چھےٚ سارِنٕے معلوٗم۔ اکھ مُڈٕ بُڈٕ زنٛی تہٕ ہیکہِ یہِ ڈٲلیل وٕنِتھ۔ بھاگا واتھا کتھٕ ہیکہِ بوزن والین متأثر کٔرِتھ پوٗرانن ہنٛز کتھا یوٗستؠ؟ یِمہٕ کتھایہِ چھےٚ شُرٕ ہن، بڈٕ ہن، زنٕن مردن تہٕ بُڈن کیٛو وِبجن سارِنٕے وِیٛزبلکہِ تِہنٛزن زندگین ہُنٛد حصہٕ بنیمٕژ۔ أمِس گژھِ فطری جوہر آسُن، ظرافت تہٕ چالأکی ہُنٛد فن آسُن، دُنیاوی علم آسُن تہٕ موسیقی ہنٛز ہونٕز تہٕ دانأئی آسنؠ۔ تِمس منٛز گژھِ شک دوٗر کرنٕچ صلأحیت

آءسنۍ۔ یێلہِ تِتھِس کتھاہ کارس متعلق ژھأرشرۄع گیہِ۔ وینکٹاڈاری نیوِوڈہس گۄو گوڈنچہِ لٹہِ ہری نارائن شرماسُنٛد ناوکنن۔ اماپۆز زاز ماونہٕ ورأے کتہِ نیرِ پزٕ رنۆن۔

''ہیے، مےٚ ووت شُری پانہٕ پٮ۪ٹھٕ پۄ رانن ہنٛز ڈلیلہٕ بوزان۔ أمس چھاار پیڈو سُبارام داس ہنٛدِ کھوتہٕ زیادٕ بڈٕہی۔ یہِ چھاسنتھاپیٹا تھِر ووٹلا داس ہنٛدِ کھوتہٕ زیادٕ ہونر منٛد؟ تہٕ سوماپلاتی سوریانارائن شاستری ہنٛدِ کھوتہٕ زیادٕ اثر دار؟ یہٕ چھُس زانُن یژھان زِسبارام داس، کتھٕ کُنۍ چھُ یمن شخصن ہنٛدِ کھوتہٕ زیادٕ اثر دار؟ یہٕ چھُس زانُن یژھان زِ سبارام داس، کتھٕ کُنۍ چھُ یمن شخصن ہنٛدِ کھوتہٕ بہتر''۔ نیوِوڈوہن پرژھُس۔ پٔنُن وقار رچھنہٕ خأطرٕ چھُکھ بیٚہن تھُر کھالان۔ ''ہیے نیوِوڈو، مےٚ کُن وُ چھ۔ مےٚ کیا ہری نارائن شرماچھا رشتہٕ دار؟۔ ہرگزنہٕ! مگر کھنٛڈٕ ہۆپ أسس تژ اَوِتھ وَنکھ نازِ کھنٛڈ چھُ ٹیۆٹھ! مےٚ وۆن پۆز۔ مےٚ کیا مجبۆری چھےٚ تسُنٛد ایجنٹ بنہٕ نچ۔ میچھ انہٕ ہُنٛد مزٕ بیان کرنُک کیا فأیدٕ چھُ؟ انسانس پزِ یہِ فورن عنگلاوُن۔ ژےٚ چھُتھاہ زانہہ ادپتھا ٹلاہ نارائن داس سُنٛد ناو بۄزمُت؟ سُہ چھُ یِوان ہری کتھایہِ ہُنٛد بب ماننہٕ۔ سُہ اوس ہری داس تہٕ گوڈژھن ءستی گِندان۔ مگر یہِ شرماچھُ گوڈژھورۆستُے۔ یہِ چھےٚ موخصر زان یوسہٕ یہٕ تِمس متعلق دِتھ ہیٚکہٕ۔ زیادٕ تفصیلات ہے منلکھ تم تی دِمے۔ ہرینارائن شرماچُھنہٕ۔ ہری نارائن شرماچُھنہٕ ہژہن سونہٕ ہنٛدی کُری لاگان۔ یاہژی تہٕ نرِ چُھنہٕ سونہٕ ہنٛز وبنگر بۄءستی سجاوان۔ پزٕ بتھ کُنہِ ا ۆنگجہِ چُھنہٕ واجہِ لاگان۔ یہِ تہِ سۄنچ زِنہٕ زِتِمس کیا چھِنہٕ یم زیور! تم کُری گھنہٕ گڑمالس تہٕ پأراوِ کہن سارِنے چیزن پھٕٹج تہٕ سُہ بُرِن برأری کأنٛی پٮ۪ٹھ۔ ووں چھُ سُہ عام تہٕ سادٕ برہمن۔ اسہِ چھُ پۆ رمُت یێلہِ کانہہ جودگار کرتب تہٕ ژھل بأزی کران اوس قصبکہٕ

سأری شُری أ سِس پتہٕ پتہٕ پکان۔ووں ییٚلہِ سُہ گوٚن ہیٚیہِ ہے لگہٕ ارساتھ اوس سمان ۔ژٕ دَ پکھ ییم تفصیلات کتھٕ چھِ مےٚ معلوٗم۔ اکہِ لٹہِ گوس بہٕ پلنا دلدٕ رِموٚلی اننہِ۔ اکھ راتھ دِژٕم وِنو کونڈا جایہِ۔ بوزُم اتہِ چھےٚ ہرِ کتھاہ پیش یِوان کرنہٕ، گوس تہٕ بیوٗٹھُس بوزن والین تماشہِ گیرن منٛز۔ اہتماموٕ یوٚ ژھ تُمس امتحان کرُن، دوٚپہس، بوز ناوسا سیتا کلیانم کتھاہ، مویوٗس کرن وأ لِس انداز س منٛز۔ سأری أسی حأران ''مویوٗس کران وأ لِس انداز س منٛز ہا سیتا کلیانم!'' پےَ چھیہِ شرماہن کیا کوٚر؟ تُمیٚ ٹُل کتھایہِ ہُنٛد سُے حِصہٕ ییٚلہِ زن کہ رازن سیتایہِ خاندر کوٚر تہٕ سوسوٗزن وأ رو۔ تُمی زن چیرِ لوٗکن ہٕنٛدی دِل۔ ییمو نہٕ با کہٕ ژھچہِ تہٕ ا وٚش ہورِتم أسی پأ پی۔

وینکٹا داری نیوڈو سُنٛد اراد اوس یوٗت دوٗر، زنتہٕ کینٛکہٕ لچہِ کُنہِ چیزس کپن سوپان چورمُت اوس۔ تُمس چھُنہٕ توٚ تام نٕندرِ یوان یوٚ تام نہٕ پنٕنٛز خأہش پوٗرٕ گژھِہس۔ تُمی ہیوٚت سابقہٕ مُصنف اپا جی ریڈی پانس ستھ تھرومالا اکسپرس ریلہِ منٛز سوار سپدِتھ ژھی تِم وِجے واڑہ سٹیشنس پیٹھ۔ اتہِ پیٹھ ووت بسہِ منٛز گڈلا ویلیرو۔ امہِ جایہِ پیٹھ چھُ ہری نارائن شرما سُنٛد گام زٕ ےمیل دوٗر۔ اتھ گامس منٛز وأتِتھ سپُدس معلوٗم زِ شُرما چھُ بھگوان ستیہ نارائن سامی ہٕندِس ووٗرسس منٛز شریک سپدنہٕ خأطرٕ اناوارم ووتمُت۔

''اپا جی! ووں کیا کرو؟ سامی چھُنہٕ ییٚتہِ!''۔

''ییٚتہِ کیا چھُ اسہِ کرُن۔ أسی چھِ یوٗت سفر کرِتھ آمتی ، واپس گژھوا ژٔھری۔ أسی ژھارون اناوارام گام۔''

تُمی سُنٛد درشُن تہٕ تُہنٛز زیوٚ بوز کتھاہ۔ بہٕ چھُس نہٕ زیادٕ تعلیم یافتہٕ۔ توہہِ ستی تہٕ

توہہِ متعلق کتھ کرنس لایق تہِ چھُس نہٕ ۔ بھارتا کتھاہ خاطرِ أنی تو یوٚہس سون کُن تشریف ۔ أسی ہکو نہٕ پوٗزایہِ خاطرِ تیتی پوٚتر پنہٕ ؤتھر پیش کٔرِتھ ۔ أسی کَرو پنہٕ بِترِ مطأبق تُہنٛد عزت ۔ یہِ چھُنہٕ کأفی زِ أسی بوزو توہہِ نِش کتھاہ ، یہِ گژھن تتہِ سأنی سأری لۄکھ بوزِنی ۔ یو ہے چھُ توہہِ میوٗن عرض ''نیوڈو ہن وۄنس گلو گٔنڈِتھ ۔

نیوڈو ہٕنز شکل صوٗرت وُچھِتھ تہٕ تسُنٛد کتھ سمجأوِتھ عرض کرنک انٛدازٕ باسیو سامی یَس کیہتام عجیب ہیوٗ ۔ نیووڈو ہٕنٛدِس پھیکس پٹھ اتھ تھأوِتھ وۄن سأمی ین ۔ ''ژٕ چھکھ عجیب نفر ، ژٕ گوکھ مےٚ سہل پأٹھی رز کرنس منٛز کامیاب ۔ بہٕ چھُس سوٗنچان انکار ہیٚکے نہٕ کٔرِتھ ۔ بہٕ ژاس سیتہ نارایَن سوامی ہٕنٛدِس مندرس منٛز ۔ ژٕ زان بہٕ چھُس نہٕ کتھاہ ونہٕ باپتھ زانہہ تہِ نیرو لے نیبر گوٚمُت ۔ مےٚ چھُنہٕ تُہنٛزن ریٖژن روایژن ہُنٛد تہِ پَے ۔ کتھ باتھ کرنہٕ رِکس لٲجس منٛز تہِ چھےٚ توہہِ تہٕ اسہِ بارٕ فرق ۔ مےٚ چھُ باسان پوٗرانن ہٕنٛز کتھ یہِ ہکن تتہِ لۄکن جان پأٹھی فِکرِ ترِتھ'' ۔ شرماہن بأوی تِمس پننٕ شک ۔

''سامی ! تِتھٕ پأٹھ مہٕ سوٗنچو ! اسہِ ووت ووٚنی ترٛےٚ رأژ تُہنٛز کتھاہ بوزان ۔ اسہِ توٚ رپوٗرٕ پأٹھی فِکرِ ۔ سانہن لۄکن تہِ ترِ فِکرِ'' ۔

شرماہن ترٛ ووٚٹھاہ ٹھاہ کران اَسُن ''ژٕ ہے اوسکھ دپان شوٗٹھ چھُنہٕ زیادٕ تعلیم یافتہٕ ۔ مگر کتھ وارٕ پأٹھی فِکرِ تارنس منٛز چھُکھ ژٕ زبر مأہِر ۔ خأر ، بہٕ یِمہٕ ضروٗر ۔ ؤنو مےٚ کر چھُ تو رواتُن تہٕ کیأ ری چھُم یُن'' ۔

''بہٕ دمہٕ ہوو توہہِ سأرِے تفصیلات'' ۔

ہری نارایَن شرما ووت بگا اگراہارم ۔ وینکٹا دأ ری ہٕنٛد ہن گٔری متین انتظامن

پٹھ اوس سُہ بڑٕ مطمین۔ ہیڈ ماسٹرٕ سنٛدِ تبدیل گژھنہٕ سبہٕ اوس تسُنٛد مکانہٕ خأ لی۔ نیوڈ ہن کوٚ رشرماسٕنٛدِ روزنہٕ خأطرٕ یوٚ ہے مکانہٕ مقرر۔ تِم کھٔتی ریلہِ تہٕ وأتی اناوارام۔ تتہِ أسی پروراہکی ترٛ ے دوہ ہہ موکلیمتی۔ ووٚں أسی ژوردوہ باقی۔ ترٛ ہن رأژن أس کتھاہ چلیمٕژ۔

''اپا جی! وُڈر، مندرتہٕ ٹینک چھےٚ بڑٕ خوش یِونی۔ أسی کونہٕ روزوٚ ییتی۔ کتھاہ بوزنہِ''۔

''اہنسہ، یِٔتی ٹھہٕرو۔ صُبحن تہٕ شامن کرو بھگوان سُنٛدر درشن۔ راتس آسو کتھاہ بوزان۔ امِہ کھوتہٕ کیاہ ییٚکہِ جان أسِتھ!'' اپا جی ریڈی ین مون۔

ترٛ ے دوہ دژ ایہِ ترٛ ہن منٹن ہنٛدی پأٹھی۔ أخری رأژ کوٚ رشرما ہن منگلم پیش۔ یام سُہ سٹیجہٕ پیٹھہٕ بوٚ ن وَسُن ہوٚ ان اوس، وینکٹا ڈاری نیڈ ودوریوتہٕ ووت تس بروٚنٛہہ کُن۔ اپا جی اوس پتہٕ پتہٕ۔ نیوڈرو دشرماہس گُلی گنٛڈِتھ اِستادٕ۔ شرما گوٚ وحأران۔

''ہے ژٕ کیاہِ کران؟

''شرما ہن وُچھ نیوڈ ویشنوی آیہِ ڈکبس ٹیوٚک کٔرِتھ، گنہِ گوٚژھہٕ تھأوِتھ، طاقتور شخص، دوٚتی أ ٕسس گوڈن تام ٕقمیضہِ أ سِس زٔ ٹھی ژٔری، اتھس منٛز اوُسس چاندِ کھٔژ کٔرِتھ عاصہٕ یتھ چاندِ ہُنٛد پھوٚل بنأوِتھ اوس۔

زِ بہٕ وَنوٕ، بہٕ ونوٕ، تُہی جناب کٔرِ وقبوٗل، نیوڈ ہن کوٚ رعرض۔

شرماہن ووٚنُس۔ بے وقوف انسانہٕ، ژٕ کیا زِ بہِ سوٗرے مےٚ وَنان۔ یِمن پانہٕ ؤتھرن چھا ڈوٗنی تہِ ستی۔

''بہٕ وَنوبہٕ وَنوٕ! أسی چھِ چتور ضلعہِ کس رایلا سیما علاقس منٛز مغربی تروپاتھی

کُن پنداہ میل دوٗر بگا اگر ہارس منٛز روزان۔ یہِ چھُم ساٲبقہٕ منصف اپاجی ستی۔ پننہٕ نِس گامس منٛز چھُ اسہِ دھرم راجا مندر۔ ٲسی چھِ پرٛتھ ؤرِیہ تتہِ مہابھارتس متعلق، پروگرام کران۔ دوہلہِ پوٗ رانم تہٕ راتس ویدی ناٹکم۔ ٲسی ٲسی اورٕ یورٕ پھیران برٛہمن ژھارنہِ، تیٚمِس یہِس کتھایہِ باپتھ دعوت دِمو۔ اسہِ بوٗزتوہہِ متعلق۔ ٲسی وٲتی تُہند گرٕ مگر تُہی ٲسی وِنہٕ تتہِ۔ ترٛیہِ دوہہ بروٗنہہ وٲتی ٲسی یور۔ ییٚتہِ کوٚر اسہِ مندرس منٛز بھگوان انہٕ نوٗن ترِوپتھی پپٹھِ۔ شرماہس آیہِ امہِ جایہِ ہنٛز خوبصوٗرتی سخ پسند۔ خوش گوٚو بارتھاہ پوٗرانم باپتھ لوٗکن ہُند شوق وُچھِتھ۔ ٲندی ٲندی ٲسی سبز گاسہٕ ستی بٔکہٕ ہال۔ کولہٕ ہناہ ٲس بالو پپٹھِ وادی کُن وَسان۔ کولہِ اکہِ انٛدٕ ٲسی سبزا سبز کھہہ تہٕ موٗ گُلبن ہنٛدی باغ۔ وادی سمٛنزس اوس بٔڈِس بنٛڈِس پپٹھ، یُس ہناہ تھوٚد تہِ اوس۔ اگراہارم گاہ گامہٕ نبر اوس تہمبر ہنٛدی گُلبن ہنٛدِس گنبرس منٛز دھرم راجا سُند مندر۔ مشرقہٕ کُنٛیٔ ٲس اتھ مندرس گٗلی گولایہِ منٛز کھڑا۔ اتھ زن ٲسی مندر رَنان مگر اوس سُہ بالا خانہٕ وول مکانہٕ ہیوٗ۔ ستن حصن ہنٛدِس اتھ بٔڈِس مکانس اوس ترٛین حصن پپٹھ ورنڈا۔ مندرس منٛز ٲسی پانٛژن پانڈون تہٕ دروپدی ہنٛدی پوٗتلی۔ یِموٗنِش رژھاہ دوٗر پہن اوس اکھ پوٗتُل بھگوان کرشن سُند تہٕ بیٛا کھ پوتھار جوسُند۔ یِم ساٲری پوٗتلی ٲسی ہچوٕ۔ اکھا ایکٹرز منٛیس پپٹھ ٲسی کھزٕ گُلبن ہنٛدِ پنٛچ تہٕ کھزٕ ردبلن ہنٛز بٔڈ ڈیڈی بناونہٕ آمٕژ۔ اتھ ڈیڈِ تل اوس اکھ ٹریکٹر سکھ چھُکراوان۔ اتہِ پپٹھِ گرٛزہتھاہ دوٗر اوس ڈراما گِنٛدنہٕ باپتھ سٹیج بناونہٕ آمُت۔ سٹیجس دوہو انٛد وآسہٕ ہٹہٕ بنأوِتھ یِم بِلکُل ژمہٕ چالہِ آسہٕ۔ یِمن منٛز ٲسی رنگہٕ رنگہٕ کھیٚنہٕ چیز کِننہٕ یِوان۔ شرماہن یِیلہِ سٹیجس پپٹھ کھٔسِتھ دوٗر تام نظر ترٛٲوٕ سبٹھاہ خوبصوٗرت نظارٕ اوس درٛینٛٹھی گژھان۔

ژُمس زنتہٕ بے خودی ہٕنٛدِس حالتس منٛز بھگوان ویاس آو بوزنہٕ تہٕ موسیقی ہٕنٛز سو راگ کنن منٛز گر بزیس یوسہٕ ترٛ ہن سازن پٹھ وُزان چھےٚ۔ أمی بھگوان ویاسن اوس مہابھارت تلیگو زبأنی منٛز بوومُت تہٕ شرماژاوزن پۄنٛژِ مس وید بھارتیہِ ہس منٛز۔ گوڈنچہِ رأژ دوران آو بھارت کتھاہ باوتھ اراد کرنہٕ۔ بھرت کتھاہ (بھارت کتھاہ) وأژ پانٛژِ د وٚہی انٛد۔ اتھ منٛز آیہِ مینکایہِ، ویشو امیترس، شکنتلایہِ، دُشینتس متعلق پرٛ ہتھ کانٛہہ کتھ باونہٕ۔ پتہٕ سپُد بھرت ہٕنٛدِس ذیہنس متعلق، گنگایہِ تہٕ شانتنایہِ ہُنٛد پۄرٕ تفصیل پیش۔ بھیشم ہٕنٛز دٔلیل تہِ آیہِ باونہٕ۔ ستیہِ ولی ہُنٛد خاندر تہٕ باقٕے سأری راونہٕ باوِ کی یۄ تام کھنٛڈ وانس تار دِیٚنچ دٔلیل ادِ پرواہ تہِ مارٕ گژھنگ واقعہٕ، سوٗرے کینٛہہ باونہٕ آو۔ شیُم دوہہ اوس راجیسو یہِ بگاہ تہٕ ششوپال ہٕنٛد بو واقعاتو خأطرٕ۔

''وَن سانیڈو، جمہٕ جیاہن کیازِ کۄ رسر پھ یوگا؟''

''مےٚ کیازِ آسہِ نہٕ خبر، تُہنٛدِس مألِس أس سرپھن ٹۄ پھ دِژٕمژ، تَوے یۄ ژھُرٕ زِاکھ تہِ سرُ پھ گژھِنہٕ زِنٛدٕ روزُن''۔

''آ......آ......تہِ تھے پأٹھی چھسے بہٕ زارٕ گنٛدنس نفرت کران۔ اتھ منٛز چھِ واریاہ خرأبیہِ، حالانکہِ بیٚیہِ تہِ چھےٚ واریاہ ناکارگیہِ یِمہٕ مُلکس خرأبی کران چھےٚ مگر سارِوے، کھوتہٕ بٔڈ ناکارگی چھےٚ زاربأزی۔ انسانس چھےٚ کینٛہہ فطری کمزۄریہِ۔ یِمہٕ ناکارٕ گیہِ دۄر کرنٕچ ذمہٕ دأری چھےٚ فیملی پٹھ، تعلیمی ادارن پٹھ تہٕ سرکارس بیترِ پٹھ، یُتھ کانٛہہ فرد مثألی تہٕ معیأری انسان بٕنتھ ہیٚکہِ۔ اگر دیوارٕ ے کھہ ڈۄ رِس ڈاس گرِ، فریادکس نِش گری زِ؟''۔

بہٕ چھُس اکھ سوال یژھان پرژھُن ،ژٕ ے تہِ تہٕ لۄکن تہِ ۔

''ہاکم بخت انسانہٕ ! چانہِ باپتھ چھُ ناممکن زندگی منٛز تھزر بجر پراوُن ۔، زبردست محنت کرتہٕ ، پزٕ رتہٕ اخلاق ورتاوتہٕ ، تِکیازِ یمو چیزو چھُ دیو ول کۄ ڈمُت ، امہِ رٕنگٕ چھُ انسان کنگال ،سُہ چھُ ووٕنۍ صرف ژھوچہِ وَتہٕ ژھانڈان ۔ژٕ چھُکھنا ژۄ رِژھپہِ یوہے طرٖیقہٕ ورتاوان ۔اتھ ژھوچہِ وَتہِ چھِ ونان لاٹری، محنت نہٕ کرِنۍ ، بے ایمانٔی تہٕ بددیانتی ورتاوِنۍ مگر روپیہِ حاصِل کرنہِ ۔ ہریانہ لاٹری، آندھرا لاٹری، منی پور لاٹری، میگھالیہِ لاٹری! کانٛہہ صوبأیی سرکارہ چھا یمیٚ نہٕ لاٹری چالوٗ کٔرمٕژ چھےٚ ؟ لچھہٕ بٔدۍ لۄکھ چھِ پننہِ اوٚنگجہِ زالان ۔تہٕ صرف چھُ اکھ نفراہ لکھ پٔتی بنان ۔سرکار چھُ یژھان یَژھو کامو سٟتۍ مُلکس منٛز خوشحأ لی تہٕ آسایش! یتھ مُلکس رام جین راج کۄر ، رامُن راج ، نایڈو! ژٕ چھُکھاہ بوزان میانہِ کتھہِ ،سنان چھُکھ تہٕ چھُس یہِ ڈٟلۍ زِتہِ باورِ گژھان ۔لاٹری ہُنٛدے مارِفتہٕ گٔرمیأنۍ أکی بأے پننۍ فیملی بُرباد.....''۔

''افسۄس ! سامی ، ژٕ چھُکھ زانن وول ، ژٕ ے کیازِ پھیرُتھ نہٕ سُہ تمہِ نِشہِ واپس؟ نایڈوہن کۄر افسۄس۔

''یمو تس نصیحت کٔر تِم زأنۍ تٔمۍ دُشمن ۔لاٹری ٹِکٹہٕ کنن وأ لی بنیٚیہِ تس چیرٕ دوس۔ تٔمۍ اوس پلان بنوومُت ۔دۄن لچھن بناوِ مکانہٕ ،ترٛے لچھ تھاوکھ بنکس منٛز فِکسڈ ڈِپازٹ۔ نوکری ژھنہٕ ترٛ أوِتھ، امہِ معموٗلی نوکری منٛز کیا چھُ حاصِل یوان ۔أمۍ خیأ لی پلانن مٔشرو وٕ تٔمِس پٔنُن عیال ۔تٔمس رۄ دنہٕ کانٛہہ توجہ زنانہِ پیٹھ ،شُرٕ ہن پیٹھ تہٕ نوکری پیٹھ ۔زندگی ہٕنٛدی سأری معاملہٕ باسیٚس معموٗلی تہٕ ٔلۍ ۔اسہِ چھُنہٕ پَے زِ تٔمۍ کٔژاہ لاٹری ٹِکٹہٕ ہیٚژ ایہِ مٔلۍ

تہٕ اتھ پٮ۪ٹھ ؠکژاہ روپیہِ خرچاوٕن ۔مگر سُہ اوس صرف قرضہٕ تُلِتھ اَنان۔ ٹِکٹہٕ مٕلی ہیٚنٛز چھےٚ اکھ کتھ مگر لاٹری رزلٹس پرارُن آس خاص کتھ ۔میۆن بوے اوس تتھ جایہِ کأم کران، یتھ جایہِ بس اخبار ہٮ۪تھ یِوان آسی ۔بس آسی بعضے نصف رأژ تہِ واتان مگر سُہ اوس برابر توٚ تام پڑاران۔ؠِتھٕ کھ شخصس، ییٚمِس لاٹری ٹِکٹہٕ ہیٚنٛز ژاپھ ژاہٕژ آس، بنیٚو وُتمس دوس۔ اکہِ دوہہ دِژس تمی یارن پام زِ ژٕ اگر کلہٕ نومرِ تھ پتھ تہِ کرکھ، توتہِ زینکھ نہٕ لاٹری ہُنٛد فسٹ پڑایز۔ میأنِس بأیس گوٚ تسلی، دأر زیٹھ راوٕنی ، گوٛنٛژھہ گُنزاوٕن ۔ دفترس منٛز أسس کتھ تام پڑ أنی پوٚنسہٕ، تم دژ أیس تمہٕ نےٚ دوہن۔ تمن سارِنٕے پوٚنسن ہیٚژن ہتہٕ واد پڑ أنی پوٚنسہٕ، تم دژ أیس تم نےٚ دوہن۔ تمن سارِنٕے پوٚنسن ہیٚژن ہتہٕ واد لاٹری ٹِکٹہٕ مٕلی، واریاہن لاٹری کمپنین ہنٛز مختلف سیرِیزن ہنٛز ٹِکٹہٕ"۔

"ییژٕ ٹِکٹہٕ مٕلی ہٮ۪تھ تہِ زیٚوٚن ناتمی پڑایز"۔

"تمی ہوٚر دوٚیم انعامہٕ تہٕ معموٗلی فرق پنہٕ ستی"

افسوٗس!

میۆن بوے ژالہِ ہے یہِ صدمہٕ مگر ییٚمی شخصن وأتِتھ وۆنمُت اوس زِ ژٕ ہیٚکھ نہٕ یہِ انعامہٕ زِیٕنتھ، تِہنٛدِ ستی گےٚ میأنِس پانس سوے باش یوسہٕ دریوٚدھنس مایا سبھایہِ منٛز گمٕژ آس۔ تنہٕ پٮ۪ٹھ چھُنہٕ تسُنٛد کانٛہہ پَے پتاہ۔اسہِ کٔر پولیسس نِش شکایت درٕج، اخبارن منٛز دِتی اشتہار مگر سُہ دژ اونہٕ کُنہِ نوٚن۔

ییٚمی شخصن انعام زیٚوٚن تس تہِ دژ اونہٕ انعامہٕ زیٛنٕن پھیرٕ وٕژ۔ سُہ گوٚ وانعاچ ٹِکٹ ہٮ۪تھ شہرواریہن ستی کوٚرُن مشورٕ زِ ٹِکٹ کتھٕ پأٹھی یِیہِ بنکس منٛز جمع کرنہٕ۔ییٚمن

ہتی مشورٕ کۆ رُن تموٕ منٛزٕ اوس اکھاہ زبردس چال باز، أچھ منٛز نِیِہ ہے لال کڈِتھ تہٕ پیٚی لگِہ ہے نہٕ۔ تٔمۍ نیٚیس پتہٕ اصلی ٹِکٹ تہٕ تمہِ بدلہٕ تھاوٕنس نقلی ٹِکٹ چنٛدس منٛز۔ انعام زینن وول، گۆ ودوکھ لٔگِتھ تھانہٕ پتہٕ تھانہٕ مگر۔ پولیسن تہِ ہیوٚ کُس نہٕ مدد کٔرِتھ۔ أکس رتٕس پھیوٚ رہٹٕر ہٹرِ تہٕ آخرس کٔرِن خودکشی۔

”افسوس! کۆ تاہ بدقسمت اوس بچور!“

امہِ باپتھ کس کھألی زِرٹہٕ؟

مےٚ ہے پزٕ ژکھ، یہٕ وَنے زِیمو زار گٔنڈٕ نچ شہمتھ یورأنی تہٕ پھہلاو، رٹہٕ چھُ تمہٕ نٕے توہہٕ چھُ طاقت، فأصلہٕ ہے کٔرِوتھٕ ہیکو رشوت خوری، ناانصأفی، زار گٔنڈنس تہٕ باقٕے خراب کامن پابنٛدی لگأوِتھ۔ مگر تُہی چھُنہٕ اتھ متعلق سوٗنچان، تُہی چھِو نان انسانن منٛز گرٛۄ طبقہٕ بندی آسنۍ۔ تُہی چھُوٕ چھان پزٕ بتھ طبقہٕ چھُ بیٚین طبقن ہنٛز خأصیت رٹان ۔ اکھ أکس پیٹھ امتیاز پزٕ اونہٕ باپتھ۔ تھدٕ بن طبقن ہنٛد بن لۆکن باپتھ گُری سوار، گُری دوراونچہٕ کھیلہٕ تہٕ بوٗنی مٕمن طبقن باپتھ لاٹری ٹِکٹہٕ، زار تہٕ یچھ کامہِ۔ امیرن ہنٛز کرونہٕ أسی فِکر۔ مگر رِکھشہٕ چلاون وألی، چاپہِ وان چلاون وألی، پان بیڑی کٔنن وألی، پھیرِ وألی، ہوٹلن ہنٛدی بہرٕ، ڈۄن وألی نوکر۔ یم سأری چھِ زار گٔنڈِتھ گاٹہٕ ٹُلان تہٕ ذٔلیل گرٛھان۔ دوٚہلہِ چھِ یم کأم کٔرِتھ پوٗنسہٕ زینان تہٕ روٚتلہِ چھِ زار گٔنڈِتھ پھانگرٕ گرٛھان ۔ پگاہ صُبحن چھِ دُبارٕ کأم شروٗع کران، بیٚیہِ زینان، بیٚیہِ زار گٔنڈان تہٕ بیٚیہِ پھانگرٕ گرٛھان۔ اوہنٛد یہِ زہر بۆ رمُت کارگرٛھیا ہمیشہِ چلہٕ وُن روزُن!

سامی! أسی ہکو نہٕ وٕنِتھ شکھے چھُ زِیہِ کارٕ رُکیاہ۔

اَوے چُھس بہٕ ناراض ۔ زار ِگنڈٕ نُک وبا پھہلیو وُکل عالمس ۔ أمِۍ وۆل سوُرے سماج جنٛگلِٕ نارِ کِی پأٹھی ۔ انسأنی سماجس ڈٕل صوٗرت، یتھٕ پأٹھی راژٕنل سُنٛد بُتھ کارکوٹ ناگہٕ سنٛزٕ وٹو پھوٗستی بدصوٗرت بنیو مُت اوس ۔ أسۍ ہکو نہٕ اتھ مرضس کتھوٗستی علاج کٔرِتھ ۔ اسہِ پَزِ جنٛمے جیاۓنٛدی پأٹھی سرپھ یکیہِ ہُک انتظام کرُن ۔ اتھ پۆ وتر نارس منٛز پزن تِم سأری دأزِتھ دِنی ، یِم زار ِگنڈ نُک پلان کران آسن، یِم بیٛین زار ِگنڈنس پٔٹھ آمادٕ کران آسن تہٕ زار ِگندن والین مٔتھِ مٔتھِ دوان آسن ۔

ژون پانٛژن ِمنٹن روٗدی تِم دونٕوے ژھوپہٕ کٔرِتھ ۔ پتہٕ پرُژھس شرماہن

”مےٚ باسان یہٕ آسہِ چانہِ ازرأ ژہنٛدِ ڈرامہُک اکھ منظر تہٕ ۔

”آ......آ......سامی......ژُ چھ زِضرٕ رڈراما۔ ازرأ ژمنٛز یہٕ ڈراما ِگندن وألی چھِ گانگنڈلوٗکھ۔ تِم چھِ ڈراما ِگندن گٔری آسنہٕ کِنی عالمس منٛز زانہٕ یِوان“۔

یۆ دوَے مےٚ تِم وُچھمتی چھِنہٕ مگر تِہنٛدی بأتھ تہٕ مکالمہٕ چھِم بوٗزی متی ۔ وُڈٕ ر ٹہنگرٕ بن پٔٹھ چھَوٕ توہہِ آوازن ہنٛدِ بازگشت باپتھ مایکہٕ لاجمٕژ ، زِنتہٕ بہٕ یِم آوازٕ ریڈیو پٔٹھ بوزان چُھس ۔ ووں گۆ ومیوٗن تجرُبہٕ روزِ تۆ تام اڈلیوٗک یۆ تام نہٕ بہٕ تِم اسٹیجس پٔٹھ ایکٹنِگ کران وُچھکھ ۔ ساڑِ نوِ بجہِ تام روزوٗتی تہٕ أڈِس گانٹس وُچھِو اداکأری......“

تھوٗ دووتھان ووتھان وُنُس ونکاٹا ڈاری ناڈوہن‘

”چلو، تِی کرَوٚ“۔

